مدنی مراکز فیضانِ مدینہ کے متعلق مُختَلِف امور کے اہم مدنی پھولوں پر مشتمل مدنی گلدستہ

# مدنی مرکز کی آبادکاری کیسے ہو؟




- مَدَنی مَرکَز کی عِمارَت کا انداز 15
- وُضُو خانے کے 10 مَدَنی پھول 22
- فیضانِ مدینہ کے امام مَسجِد کا جَدوَل 29
- اذان واقامت اور افطار وغیرہ کے مختلف اعلانات 30 تا 34
- مَدَنی مرکز (فیضانِ مدینہ) آباد کرنے کے مَدَنی پھول 43



پیش کش: مرکزی مجلسِ شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

## اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

**ترجمہ**: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر عِلم و حکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رَحمت نازِل فرما! اے عَظمت اور بزرگی والے! (مُستطرَف ج ۱ ص ۴۰ دارالفکر بیروت)

طالب غم مدینہ بقیع و مغفرت

١٣ شوال المکرم ١٤٢٨ھ

(اوّل آخر ایک بار دُرود شریف پڑھ لیجئے)

نام رسالہ: مَدَنی مرکز کی آباد کاری کیسے ہو؟

پہلی بار:

ناشر: مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، بابُ المدینہ کراچی۔

مَدَنی اِلتجا: کسی اور کو یہ رسالہ چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔

## کتاب کے خریدار متوجّہ ہوں

کتاب کی طباعت میں نُمایاں خرابی ہو یا صَفْحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رُجوع فرمائیے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# مَدَنی مرکز کی آبادکاری کیسے ہو؟

## دُرُود پاک کی فضیلت

حضرت سَیِّدُنا فَضالہ بن عُبَید رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے رِوایت ہے کہ سرکارِ دو عالَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم (مَسجِد میں) تشریف فرما تھے کہ ایک آدمی آیا، اس نے نماز پڑھی اور پھر اس طرح دُعا مانگی: اے **اللہ**! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ یہ سن کر آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: اے نَمازی! تُو نے جَلدی کی، جب تُو نماز پڑھ کر بیٹھے تو **اللہ** پاک کی ایسی حمد کر جو اس کے لائق ہے اور مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھ، پھر دُعا مانگ۔ اس کے بعد دُوسرا شخص آیا اس نے نماز پڑھنے کے بعد **اللہ** پاک کی حمد وثنا کی اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرُودِ پاک پڑھا تو اس شخص سے آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: اے نمازی! دُعا مانگ، قبول کی جائے گی۔[۱]

دُعا کے ساتھ نہ ہووے اگر دُرُود شریف — نہ ہووے حشر تلک بھی بَرآورِ حاجات
قبولیَّت ہے دُعا کو دُرُود کے باعث — یہ ہے دُرُود کہ ثابت کَرامت و برکات[۲]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مَجلِسِ فیضانِ مدینہ

تَبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دَعْوَتِ اِسلامی کے 100 سے زائد شُعبہ جات میں سے ایک اَہم ترین شُعبہ **مَجلِسِ فَیضانِ مَدِیْنَہ** بھی ہے، جس کا مَقْصَد مَدَنی مَراکز فیضانِ مدینہ دَعْوَتِ اِسلامی کے نِظام کو شَرْعی اور تنظیمی تقاضوں کے مُطابِق چلانا ہے۔ یہ مَجلِس بلا شُبہ خِدْمَتِ دین کے جن اَہَم شعبوں میں اپنی خدمات سر اَنْجام دے رہی ہے اس کی اَہمیّت کا اندازہ اِسی بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ **مَجلِس فَیضانِ مَدِیْنَہ** کے تَحْت سَر اَنْجام پانے والے تقریباً تمام کام وَقْف اَملاک سے تَعلُّق رکھتے ہیں اور یہ بات اس مَجلِس کے مزید حسّاس ہونے پر دَلالت کرتی ہے، چُنانْچِہ اس مَجلِس میں اچھی

[۱] ......ترمذی، کتاب الدعوات، ۶۵-باب، ص۷۹۸، حدیث:۳۴۷۷

[۲] ......کافی کی نعت، ص۴۱



www.dawateislami.net

اچھی نیّتوں سے خِدمَتِ دین پر مامُور اِسلامی بھائیوں کے لئے بَرَکات اور بڑے ثواب کی قَوِی اُمّید ہے، اس شُعْبے کے تحت مَساجِد کا اِنتِظام و اِنْصِرام، ائِمّہ کی مَدَنی تَربِیَت و تقرُّری، المدینہ لائبریری کی صُورَت میں مُطالَعَہ کا ذوق رکھنے والوں کے لئے مُناسِب مَواقع و عُمدہ و پُرسُکون ماحول کی فراہمی کی کوشش، اس کے عِلاوہ مَدَنی مَراکِز فیضانِ مدینہ میں موجود مُتَعَدَّد شُعْبہ جات جیسا کہ عُلَمائے کِرام کا شُعْبہ جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ، حُفّاظ کا شُعْبہ مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ، مَدَنی تَرْبِیَت گاہ اور وَقْتاً فَوَقْتاً ہونے والے مُختَلِف کورسز وغیرہ کے اِنْتِظامی اُمُور میں خِدمات جیسے عظیم مَدَنی کاموں کی سَعادَت حاصِل ہوتی ہے۔

## مجلس فیضانِ مدینہ کے مدنی کاموں کے فضائل وبرکات

**مَجلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کے تحت ہونے والے تمام کام باعِثِ اَجْر و ثواب ہیں، چُنانْچِہ چند مَدَنی کاموں کے فضائل و بَرَکات پیشِ خِدمَت ہیں:

1. مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ فَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِہٖ یعنی جو شخص نیکی کا کام کرنے پر کسی کی راہ نُمائی کرتا ہے اُسے بھی وُہی اَجْر و ثواب ملتا ہے، جو اس نیکی کرنے والے کو ملتا ہے۔[1]
2. مالِ وَقْف کی حِفَاظَت میں مال یا وَقْت صَرف کرنا باعِثِ اَجْر و ثواب ہے۔[2]
3. عِلْمِ دین کی اِشاعَت میں وَقْت، مال، دَرْس و تدریس اور تحریر وغیرہ سے ایک دُوسرے کی مَدَد کرنا، دینِ اِسْلام کی دَعْوَت اور اس کی تعلیمات دُنیا کے ہر گوشے میں پہنچانے کے لئے باہمی تَعاوُن کرنا، اپنی اور دوسروں کی عملی حالَت سُدھارنے میں کوشش کرنا، نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی مَدَد کرنے میں شامِل ہے۔[3]
4. سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد سب سے بڑا سخی وہ ہے جس نے عِلْم حاصِل کیا اور اسے پھیلایا۔[4]
5. جس نے عِلْم سکھایا اُسے برابر ثواب ملتا رہے گا جب تک کوئی ایک آدمی بھی اس پر عَمَل کرتا رہے۔[5]

---

[1] ......ابو داود، کتاب الادب، باب فی الدال علی الخیر کفاعلہ، ص ۸۰۱، حدیث: ۵۱۲۹

[2] ......فتاوٰی رضویہ، ۱۶/ ۵۷ ا ماخوذًا

[3] ......صراط الجنان، پ ۶، المائدۃ، تحت الآیۃ: ۲، ۲/ ۳۷۸ بتصرف قلیل

[4] ......مسند ابی یعلٰی، ۱۱۱- مسند انس بن مالک، ما اسندہ الحسن... الخ، ۲/ ۳۹۷، حدیث: ۲۷۹۱ مفھومًا

[5] ......معجم کبیر، معاذ بن انس الجھنی، ۸/ ۴۸۷، حدیث: ۱۶۸۴۴


www.dawateislami.net

6 عُلَما وطَلَبہ کی خدمت کرنا گویا راہِ خدا میں خَرچ کرنا ہے۔[1]

7 مَساجِد سے گَرد و غُبار صاف کرنا حُورِ عِین کا مَہر ہے۔[2]

8 ترجمۂ کنزالایمان: مَسْجِدیں وُہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قِیامت پر ایمان لاتے ہیں۔(پ۱۰، التوبۃ:۱۸)

9 مَسْجِد کی خِدمت و خبر گیری کرنے والے کے دل میں بلاشُبہ اِیمان کی روشنی ہوتی ہے۔[3]

# "اے کاش قائم ہو عظیم مرکز سرکار! مدینے میں" کے بتّیس حُروف کی نِسبت سے مَجلِس فیضانِ مدینہ کے 32 مدنی پھول

❀ دَعوتِ اسلامی مَسْجِد بھرو تحریک ہے۔ ❀ تمام مَدَنی مَراکِز (فیضانِ مدینہ) عالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی (عِلاوہ چند خُصُوصِیّات) کے مُشابہ ہوں، اِس میں دَعوتِ اِسلامی کی نیک نامی ہے۔

① **فرمانِ مُصطَفٰے** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عَمَل سے بہتر ہے۔[4] اس لئے ہر ذِمّہ دار یہ نیّت کرتا رہے: میں **اللہ** پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خوشنودی کے لئے دَعوتِ اِسلامی کے شُعْبے **فیضانِ مدینہ** (مَدَنی مَراکِز) کا مَدَنی کام مَدَنی مَرکز کے طریقۂ کار کے مُطابِق کروں گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

② **مَجلِس فَیضانِ مَدِینہ** کا کام شَرعی و تنظیمی تقاضوں کے مُطابِق مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ کا نِظام چلانا ہے۔

③ فیضانِ مدینہ کی اَراضی، **مَجلِس اَثاثہ جات**، تعمیرات، **مَجلِس تعمیرات**، اَجیر، **مَجلِسِ اِجارہ**، مالیاتی نِظام، **مَجلِس مالیات** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ہوگا اور شَرعی و تنظیمی تقاضوں کے مُطابِق مجموعی طور پر تمام نظام کو دیکھنا **مَجلِس فَیضانِ مَدِینہ** کی ذِمّہ داری ہے۔ فیضانِ مدینہ کا پلاٹ خریدنے/ لینے سے لے کر تعمیرات اور اس کے بعد بھی ہر مَرحَلے میں **مَجلِس فَیضانِ مَدِینہ** شَرعی و تنظیمی لِحاظ سے جائزہ لیتی رہے گی۔

---

[1] ...... مراٰۃ المناجیح، جہاد کا بیان، دوسری فصل، ۵/ ۴۳۵ ماخوذاً

[2] ...... معجم کبیر، جندرۃ بن خیشنۃ ابو قرصافۃ... الخ، ۲/ ۱۵۷، حدیث: ۲۴۵۸

[3] ...... ترمذی، کتاب الایمان، باب ما جاء فی حرمۃ الصلاۃ، ص۶۱۷، حدیث: ۲۶۱۷ ماخوذاً

[4] ...... معجم کبیر، یحیی بن قیس الکندی عن ابی حازم، ۳/ ۵۲۵، حدیث: ۵۸۰۹



www.dawateislami.net

④ **مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** کے ہر ذِمّہ دار کا اپنی ذِمّہ داری کے اِعْتِبار سے فَرض عُلُوم سیکھنا ضروری ہے۔ تقرُّر سے قَبْل اِمْتِحان بھی پاس کرنا ہوگا۔ مَثَلاً وَقْف کے مَسائل، چندے کے مَسائل، آدابِ مَسْجِد، اِمام اور اِمامَت کے مُتَعلِّقہ مَسائل، مُتَوَلّی کی ذِمّہ داریاں اور اس کے مُتَعلِّقہ مَسائل، اجیر اور اجارہ کے مَسائل، رِشْوَت، مُداہَنَت[1]، خِیانَت، ماتحت کے حُقُوق وغیرہ۔ مزید حَسْبِ حال **دَارُالْاِفْتَا اَهْلِسُنَّت** سے رَاہ نُمائی لی جاسکتی ہے۔

⑤ **مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** کے ذِمّہ داران، دِیانَت دار، بااَخلاق، باکردار، دَعْوَتِ اسلامی کی اِصْطِلاحات سے واقِف اور اپنے شُعْبے کے بارے میں مُکَمَّل مَعْلُومات رکھتے ہوں۔

⑥ **نیا مَدَنی مرْکز بنانے کا طریقه:** مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ کیلئے جگہ/ پلاٹ کا اِنْتِخاب کرنے سے قَبْل **نگرانِ کابینه** مُتَعلِّقہ **زونل نگران/ رُکْنِ شُوریٰ** سے اِجازَت لے کر **مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** کو دَرْخواست دی جائے کہ ہم اپنے شہر/ ڈویژن میں مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ بنانا چاہتے ہیں۔ دَرْخواست مِلنے کی صُورَت میں مُتَعلِّقہ **رُکْنِ مَجْلِس (زونل ذِمّه دار) فَیضانِ مَدِیْنَه** اس مقام کا مَحَلِّ وُقُوع (Location) کے اِعْتِبار سے جائزہ لیں گے۔ **رُکْنِ مَجْلِس** یہ جائزہ مع اپنے تأثُّرات **نگرانِ مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** کو میل/ واٹس ایپ کریں گے۔ **نگرانِ مَجْلِس** کی طرف سے ok ہونے کی صُورَت میں **رُکْنِ شُوریٰ** کی مُشاوَرَت کے بعد **نگرانِ مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** (پاکستان) جگہ خریدنے/ لینے کی تحریراً اِجازَت دیں گے۔ **مَجْلِس** کے طے شُدہ مَدَنی پھولوں اور مُتَعلِّقہ شہر کی ضَروریات کو مَدِّنَظر رکھتے ہوئے مَدَنی مَرکز کا نقشہ **مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** جاری کرے گی۔ اَز خود مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ کا نقشہ بنوانے کی اِجازَت نہیں۔

⑦ **مَجْلِس فَیضانِ مَدِیْنَه** کے ذِمّہ داران تعمیر کے وَقْت ہی کِفایَت شِعاری مَدِّنَظر رکھیں، مَثَلاً ایک لائٹ کئی اِسْتِنْجا خانوں کیلئے کافی ہو، ہر لائٹ/ پنکھے کیلئے الگ بٹن، جہاں حاجَت ہو دو طرفہ سوئچ (2-Way Switch) کی ترکیب بنائیں (تفصیل رسالہ بجلی اِسْتِعمال کرنے کے مَدَنی پھول میں مُلاحَظہ فرمائیں)، یہ اُصُول یاد رکھیں کہ کوئی سامان (مَثَلاً پنکھے، لائٹیں، کُولر، سامانِ بجلی) وغیرہ لیں تو کسی مَدِّ مَخْصُوص میں نہیں بلکہ دَعْوَتِ اِسلامی کے نام پر لیں اور بیان کردہ ایسے اَلْفاظ سے لیں کہ یہ اَشیا ناکارہ ہونے کے بعد بھی دَعْوَتِ اِسلامی کو بیچنے کا اِخْتِیار ہو۔

---

[1] ...... مُداہَنَت کا مطلب ہے کہ کوئی شخص بُرائی کو دیکھے اور وہ اس کو روکنے پر قادِر بھی ہو لیکن بُرائی کرنے والے کو کسی اور جانِب داری کی وجہ سے، خوف یا لالچ کے سبب، اس سے حیا کرتے ہوئے یا دِین میں باہمی فخر کی کمی کی وجہ سے نہ روکے۔

(مرقاۃ المفاتیح، کتاب الآداب، باب الامر بالمعروف، الفصل الاول، ۹/۳۲۸، تحت الحدیث: ۵۱۳۸)


www.dawateislami.net

⑧ مَدَنی مراکِز فیضانِ مدینہ دعوتِ اسلامی کے مُتَولّیِ رُکنِ شُوریٰ حاجی **محمد اسد مَدَنی عطاری** ہیں۔ مَدَنی مراکِز فیضانِ مدینہ کے کسی مُعامَلے میں نیّت کا اِختیار صِرف انہیں ہے، یا جس کو یہ اجازت دیں، ان کے عِلاوہ کسی کو نیّت کا اِختیار نہیں۔

⑨ مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں وَقف کی تعیین اور نیتوں کے بعد اس کے نقشہ میں رنگوں کے ساتھ تعیین کو واضح کر دیا جائے اور پینا فلیکس (Panaflex) پر 4x6 سائز میں نقشہ بنا کر نُمایاں جگہ پر لگا دیا جائے ❀ عینِ مَسجِد کا سبز (Green) رنگ، فنائے مَسجِد پیلے (Yellow) رنگ، مَدرَسۃُ المدینہ و جامِعَۃُ المدینہ کا کتھی رنگ (Dark Brown)، بِلانیّت جگہ کے لئے نیلے (Blue) رنگ سے ترکیب کی جائے۔

⑩ ہر مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری ہو، لیکن کسی بھی مَدَنی مرکز میں المدینہ لائبریری قائم کرنے کے لئے مُتعلِّقہ رُکنِ شُوریٰ کی اجازت اور شَرعی راہ نُمائی ضَروری ہے۔

⑪ فیضانِ مدینہ (مَدَنی مراکز) / دعوتِ اسلامی کی کسی بھی مَسجِد کے اِمام صاحِب کا تقرُّر **اِجارہ مجلس و تفتیش مجلس** کے ذَرِیعے طے شُدہ مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ہو۔ فیضانِ مدینہ میں خطبے کے سات مَدَنی پھول، فیضانِ خُطباتِ رَضویہ، نیز اَذان، اِقامت و طُلوعِ آفتاب، سَحَر و اِفطار کے اِعلانات اور اَوقاتِ مکرُوہ میں چھوٹی سُرخ بتّی کی ترکیب لازِم کریں۔

⑫ **مجلس فَیضانِ مَدینہ** کے ذِمّہ داران اس بات کو یقینی بنائیں کہ بیرونی اسپیکر (Speaker) کا اِستِعمال صِرف اَذان اور طُلوعِ آفتاب کے اِعلان کے لئے ہو، نمازوں کے بعد اِعلانات کی کثرت سے اِجتِناب، کسی بھی تربیَتی اِجتِماع یا مَدَنی مشورے وغیرہ میں جب تک کثیر اِزدِحام (یعنی مجمع 100 سے زائد) نہ ہو، اسپیکر (Speaker) سے اِحتِراز اور اگر اِجتِماع کثیر ہونے کی وجہ سے اِستِعمال ضَروری ہو تو نمازیوں، مریضوں اور سونے والوں کا خَیال رکھیں اور نعت شریف، مَدَنی مَقصد یا دیگر نعروں میں بھی آواز کم رکھیں اور کان پھاڑ آواز تو کسی مَوقع پر بھی نہیں ہونی چاہئے۔[1] مزید کسی بھی غَرَض سے جماعتوں کا وَقت بِلا پیشگی اِعلان کے تبدیل نہ کیا جائے اور نمازِ جُمُعہ میں بھی وَقت کی پابندی کی جائے۔

⑬ **مجلس فَیضانِ مَدینہ** کے ذِمّہ داران مَدَنی مرکز میں صفائی کا اِہتِمام ہر مَوقع پر رکھیں، ہفتہ وار یا تربیَتی اِجتِماع میں حَتَّی الْمَقدُور خارِجِ مَسجِد میں کھانا کھلایا جائے، بامرِ مجبوری (مَثَلاً اِعتِکاف میں) **فِنائے مسجِد** میں دَری وغیرہ پر دستر خوان بچھا کر ترکیب کریں اور **اَصلِ مَسجِد** میں چائے پینے سے بھی گریز کیا جائے تو بہتر ہے۔ اسی طرح اَیّامِ قربانی میں مَسجِد و

---

[1] ........ تفصیل کے لئے تذکرہ اَمیرِ اہلسنّت قسط نمبر 6 بنام **حُقوق العباد کی احتیاطیں**، اِحتیاط ۱۳، صفحہ ۱۷ تا ۱۸ کا مُطالعہ کیجئے۔



www.dawateislami.net

فنائے مَسْجِد کو آلُودَگی، خون و بدبو، دیگوں کے کالے نِشانات سے ہر صُورت میں بچانا ضَروری ہے۔ (دیگ وغیرہ کے نیچے ٹاٹ کی بوری کا اِستِعمال کیا جائے) یاد رہے کہ مَسْجِد آلُودہ یا بدبُودار کر کے صَفائی کر دینا کمال نہیں بلکہ مَسْجِد کو اِبتِداءً ہی بدبو اور آلُودَگی سے بچانا ہماری ذِمَّہ داری ہے۔ (رسالہ **مسجدیں خوشبودار رکھئے** اور مَسْجِد کے آداب کی تفصیل **فیضانِ سنّت**، جلد اوّل، صفحہ 1195 تا 1230 سے لازِمی مُطالَعَہ فرمائیں۔)

⑭ مدنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں **کسی بھی قسم کی تحریر** آویزاں کرنے کیلئے **المدينة العلمية** سے پاس کروانا ضَروری ہے اور مَجْلِس کی طرف سے طے شُدہ تحریرات کے عِلاوہ کسی تحریر کا اضافہ نہ کیا جائے۔

⑮ مُعْتَکِفِین ہوں یا مَدَنی قافلے کے مُسافِرِین، مَدَنی کورسز کے عاشقانِ رسول ہوں یا کسی تنظیمی شعبے سے مُنْسلک اِسلامی بھائی مَسْجِد میں ضَرورتِ مَسْجِد کے سوا کوئی بھی سامان بغیر شَرْعی راہ نُمائی کے نہ رکھیں کہ مَسْجِد میں نہ تو گھر کی طرح سامان رکھنے کی اِجازَت ہے نہ اس طرح کہ **قَطْعِ صَف** ہو۔ اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: اگر (کوئی مَسْجِد میں) چیزیں رکھے جن سے نَماز کی جگہ رُکے تو سَخْت ناجائز و گُناہ ہے۔[1]

⑯ نائب مُتَوَلّی اُسے بنایا جائے جو اَمانَت دار اور وَقْف کے کام کرنے پر قادِر ہو، خواہ خود کام کرے یا اپنے نائب سے کروائے اور مُتَوَلّی ہونے کیلئے عاقِل بالِغ ہونا شَرْط ہے۔ مُعْتَمَد عَلَیْہ (جس پر اِعتِماد کیا گیا ہو وہ) شخص جب فاسِق ہو جائے تو اسے مَعْزُول کر دیا جائے۔[2] اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ سے اِسْتِفْسار (سوال) ہوا کہ مَذْہَبی خدمات کے واسطے کیسا شخص عُہدیدار یا مُنْتَظِم یا اَہْل ہو سکتا ہے؟ تو آپ نے فرمایا: (جو) سُنّی، ذِی عِلْم (عِلْم والا)، پرہیز گار، دِیانَتدار، ہوشیار، کارگزار (یعنی کام کرنے والا ہو)۔[3] **نائب مُتَوَلّی بنانے کا اِخْتِیار، فَقَط مذکورہ مُتَوَلّی رُکْنِ شُوریٰ کو ہے۔**

⑰ اَراکینِ **مَجْلِس اِفتا مَکتَب** سے مَربُوط رہیں۔ ہفتے میں ایک دن **افتا مکتب** سے شَرْعی راہ نُمائی کیلئے مُختَص کر لیجئے۔ اُصول یاد رکھیں کہ مَسْجِد میں اگر کیل بھی لگانی ہے تو شَرْعی راہ نُمائی کے ساتھ اور نکالنی ہے تو بھی شَرْعی راہ نُمائی کے ساتھ۔

⑱ مَساجِد کی سَطْح پر حَسْبِ ضَرورت 5 / 3 رُکْنی خود کَفالَت مَجْلِس کی ترکیب کی جائے۔

⑲ فیضانِ مدینہ (مَدَنی مراکز) اور مَساجِد کی آباد کاری کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے، مَثَلاً مَدَنی قافلوں کی مُسْتَقِل آمد و رفت، بعدِ فجر

[1] ...... فتاویٰ رضویہ، ٨/٩٧

[2] ...... رد المحتار، کتاب الوقف، مطلب فی شروط المتولی وفی تولیۃ الصبی، ٦/٥٨٤ ملتقطًا بتقدم و تأخر

[3] ...... فتاویٰ رضویہ، ١٦/٥٩٩-٦٠٠ ملتقطاً



www.dawateislami.net

مَدَنی حلقہ، مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ بالغان، مَدَنی دَورہ، مَدَنی دَرس (دَرسِ فیضانِ سُنّت)، سُورۂ مُلک کی تِلاوت وغیرہ۔ اس نِظام کی مَضبُوطی کیلئے ناظمُ الاُمُور خیر خواہوں کی ترکیب بنائے جو اِنفرادی کوشش کر کے عام اِسْلامی بھائیوں، تعویذاتِ عطّاریہ کے بستے پر آنے والے مریضوں کو اس میں شِرْکت کے لئے تیّار کر کے لائیں۔

⑳ **مَجْلِس فیضانِ مدینہ** کے ذِمّہ داران، مَدَنی مَرکز کے ماہانہ و سالانہ اَخراجات (مَثَلاً بجلی، گیس، پانی کے بِلز، جنریٹر کیلئے تیل وغیرہ) اور دَعْوتِ اِسْلامی کے جُملہ مَدَنی کاموں پر صَرف ہونے والے لاکھوں لاکھ اَخراجات کو اَحسن انداز سے پورا کرنے اور خود کفیل کرنے کیلئے مُخَیِّر حضرات سے پیشگی وَقت لیکر مُلاقات کریں، انہیں ہر نیک اور جائز کام میں خَرْچ کی اِجازت کے ساتھ ماہانہ مَدَنی عطیات دینے کا ذِہن دیں، (جن اَلفاظ کی تاکید کی گئی ہے اسی کے مُطابق نَفلی صَدَقات حاصل کریں بصُورتِ دیگر خِلافِ مَدّ خَرْچ کرنے پر گناہ و تاوان کی بھی صورتیں ہوں گی) مُمکن ہو تو ان کے ہاں مَدَنی عطیات بکس رکھنے کی بھی ترکیب بنائیں۔ ❀ بہتر یہ ہے کہ مُلاقات کیلئے 2 یا 3 اسلامی بھائی مل کر جائیں۔ ❀ دورانِ مُلاقات مُخَیِّر حضرات کو دَعْوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں اور دیگر شُعبہ جات مَثَلاً **مَدَنی چینل، مَدْرَسَۃُ المدینہ، جامِعَۃُ المدینہ، دارُ المَدینہ**، دَعْوتِ اسلامی کی **ویب سائٹ** (www.dawateislami.net)، **مَجْلِس خُصُوصی اسلامی بھائی، مَجْلِس اِصْلاح برائے قیدیان** وغیرہ کا تعارُف کروائیں ❀ شیخِ طَرِیْقَت، اَمِیرِ اَہلسُنّت، بانیِ دَعْوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دِینی خدمات سے آگاہ کریں۔ ❀ (www.ameer-e-ahlesunnat.net) کا وزٹ (Visit) کرنے کی دَعْوت دیں اور مَوقع پاتے ہی اَمِیرِ اَہلسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا مُرید یا طالب بنائیں۔ ❀ دورانِ مُلاقات اِختلافی مَسائل، فُضُول گفتگو اور سیاسی مُعاملات پر کلام کرنے سے مُکَمَّل اِجتناب کریں۔ اِنفرادی کوشش کرتے ہوئے خوفِ خُدا و عِشقِ مصطفےٰ، اِخلاص و اَخلاقِ حَسَنہ سے مُتَعَلِّق گفتگو کریں، نیز اَنبِیا و صحابہ و اولیا (عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام وعَلَیْہِمُ الرِّضْوَان) کی اِسْلام کی خاطر قربانیاں اور اِصلاحِ اُمّت کیلئے دَعْوتِ اِسْلامی اور بانیِ دَعْوتِ اِسْلامی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا کردارِ باصفا جیسے عُنْوانات پر ہی گفتگو کریں۔ ❀ حدیثِ پاک میں ہے: تَہَادَوْا تَحَابُّوْا۔ یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں مَحبّت بڑھے گی۔ [1] پرعَمَل کی نِیّت سے ذاتی طور پر حَسْبِ اِسْتِطاعت اور مُخَیِّر اِسْلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مَدَنی عطیات دینے والی شخصیات کو مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ کی مَطْبُوعہ کُتُب و رسائل وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

[1] ......مؤطا امام مالك، كتاب حسن الخلق، باب ماجاء فی المهاجرة، ص ۴۸۳، حدیث: ۱۷۳۱



www.dawateislami.net

(21) جو مَدَنی عطیات جمع ہوں گے ان کیلئے ضَروری ہے۔ تمام رَقَم/ مَدَنی عطیات **مجلسِ مالیات** کو جمع کروائیں، اَز خود خَرچ کرنے کی اِجازَت نہیں۔ نیز مَدَنی مرکز کی طرف سے طے شُدہ اَخراجات کے عِلاوہ کسی بھی قِسم کے اِضافی اَخراجات نہ کئے جائیں۔ اِضافی اَخراجات کی ضَرورت ہو تو **مَجلسِ مالیات** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ترکیب کی جائے۔

(22) اگر فیضانِ مدینہ (مَدَنی مراکز) / مَسجد سے مُتَّصِل **جامِعَۃُ الْمَدِینہ ومَدرَسۃُ الْمَدِینہ** بھی ہوں تو آنے والے مَدَنی عطیات اور اَشیا میں مَد کا خاص لِحاظ رکھا جائے۔

(23) **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماہانہ اَہداف:** مَجلِس کے ہر سَطح کے ذِمّہ داران اپنے نگرانِ مُشاوَرت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی اِنْعامات، سات دن کے **اِصلاحِ اعمال کورس**، سات دن کے 12 مَدَنی کام کورس اور سات دن کے **فیضانِ نماز** کورس کے ماہانہ اَہداف طے کریں اور اس کیلئے بھرپور کوشش فرمائیں۔

(24) **ذِمّہ داران کی تقرُّری کی ترکیب:**

| # | سَطح | ذِمّہ دار |
|---|---|---|
| 1 | فیضانِ مدینہ | امام فیضانِ مدینہ |
| 2 | فیضانِ مدینہ | مُتعدّد شُعبہ جات کی صُورت میں ناظِمُ الاُمُور (فیضانِ مدینہ) |
| 3 | فیضانِ مدینہ | المدینہ لائبریری کی صُورت میں ناظم المدینہ لائبریری |
| 4 | فیضانِ مدینہ | مُنتخب مَدَنی مراکز میں مَخزَن (اسٹور) ذِمّہ دار |
| 5 | 12 فیضانِ مدینہ | رُکنِ کابینہ |
| 6 | زون | زونل ذِمّہ دار |
| 7 | صُوبہ | رُکنِ مَجلِس فیضانِ مدینہ |
| 8 | صُوبہ | رُکنِ مَجلِس مَخزَن (اسٹور) |
| 9 | ذَیلی شُعبہ | ذِمّہ دار مَجلِس مَخزَن |
| 10 | ذَیلی شُعبہ | خود کفالت ذِمّہ دار |
| 11 | ذَیلی شُعبہ | ذِمّہ دار تفتیش مَجلِس برائے ائمّہ |
| 12 | ذَیلی شُعبہ | ذِمّہ دار شُعبہ تسجیل (ریکارڈ) و تشہیر |
| 13 | مُلک | نگرانِ مَجلِس فیضانِ مدینہ |


www.dawateislami.net

## مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سَطح | شرکا | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | کابینہ ذِمّہ دار (رُکنِ کابینہ) | کابینہ | ہر فیضانِ مدینہ کی 3/5 رُکنی مجلس، ائمّہ فیضان مدینہ، ناظمُ الاُمُور، مَدَنی عملہ فیضانِ مدینہ | فیضانِ مدینہ کے تمام مُعاملات کا جائزہ، خود کفالت اور دیگر مُعاملات میں ترقّی تنزّلی کا جائزہ وغیرہ |

**کارکردگی فارم جمع کروانے کی تاریخیں:** ڈویژن:3۔ کابینہ:5۔ زون:6۔ پاکستان:7

(25) مَدَنی مشوروں کی کَثرت سے بچنے کے لئے مُقرَّر کردہ سَطح کے عِلاوہ کسی اور سَطح کا مَدَنی مشورہ لینے کے لئے مُتعلِّقہ نگران سے اِجازت ضَروری ہے ❀ جب بڑی سَطح کے ذِمّہ دار دیگر سَطح کے ذِمّہ داران کا مَدَنی مَشْوَرہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مَدَنی مَشْوَرہ نہیں ہوگا ❀ اسی طرح جس ماہ **نگرانِ کابینہ مَجلِس فیضانِ مدینہ** کے ذِمّہ داران کا مَدَنی مَشْوَرہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شُعبہ ذِمّہ داران ماہانہ مَدَنی مَشْوَرہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مَدَنی کام کو مَضبوط اور مُنَظَّم کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مُشاوَرت سے شعبے کے اِسلامی بھائیوں کا مَدَنی مَشْوَرہ کروانا مُفید ہے)

(26) پاکستان / بیرونِ مُلک سَطح کے ذِمّہ دار عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی **پاکستان اِنْتِظامی کابینہ / مَجلِس بیرونِ مُلک** مَکتب اور مُتعلِّقہ رُکنِ شُوریٰ کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مَشْوَرہ نہ ہوسکے تب بھی مُقرَّرہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں۔)

(27) زونل ذِمّہ دار ہر ماہ کا پیشگی جَدوَل عیسوی ماہ کی 19 تا 26 تاریخ تک **زونل نگران** اور **نگرانِ مجلس** سے مَنظور کروائے، پھر اسکے مُطابِق پیشگی اِطّلاع کے ساتھ اپنے جَدوَل پر عَمَل کرے اور مہینا مُکمَّل ہونے کے بعد اسے عیسوی ماہ کی 3 تاریخ تک اپنے **زونل نگران** اور **نگرانِ مَجلِس** کو پیش کرے۔

(28) مُتعلِّقہ نگران کی مُشاوَرت سے شُعبہ ذِمّہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

(29) مُتعلِّقہ نگرانِ مُشاوَرت سے مَربُوط رہیں۔ انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مَشْوَرہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مَربُوط رہے گا وہ اُتنا ہی مَضبُوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

(30) مُتعلِّقہ **رُکنِ شوریٰ** اور **نگرانِ کابینہ** کی اِجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مَجلِس کے تربیتی اِجتِماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پُرانے اِسلامی بھائیوں کی یاددِہانی اور نئے اِسلامی بھائیوں کی تَربِیَت کا سامان ہوتا رہے۔ البتہ! مُلکی سَطح پر عالَمی مَدَنی


www.dawateislami.net

مَرکَزفیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں تربیتی اِجتِماع کرنے کیلئے نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ کی اِجازت ضَروری ہے۔

(31) یاد رہے! مُتَعلِّقہ **رُکنِ شُوریٰ / نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ** ضرورتاً اِن مَدَنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

(32) ذِمّہ داران اپنی دنیا اور آخِرت کی بہتری کیلئے دَرج ذیل اُمُور اپنانے کی کوشِش فرمائیں:

❀ **فَرض عُلوم** سیکھنے کی کوشِش کرتے رہیں۔ فَرض عُلوم سیکھنے کیلئے کُتُبِ اَمیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، اِحیاءُ العُلوم وغیرہ کے مُطالَعہ کی عادت بنائیں۔

❀ عملی طور پر **مَدَنی کاموں میں شریک ہوں**۔ روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مَدَنی کاموں میں صَرف کیجئے، مَثَلاً مَدَنی قافلے میں سَفَر اور مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل کرتے ہوئے روزانہ فِکْرِ مدینہ کا ذِہن دینے کیلئے کم از کم 2 اِسلامی بھائیوں پر اِنْفِرادی کوشِش، صَدائے مدینہ، بعدِ فَجر مَدَنی حلقہ، چوک دَرس، مَدْرَسَۃُ الْمَدِینہ بالِغان، پابندیِ وَقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اِجتِماعات، ہفتہ وار مَدَنی مذاکرے میں شِرْکت وغیرہ۔

❀ اپنی اِصلاح کی کوشِش کیلئے مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل کے ساتھ ساتھ **روزانہ فِکْرِ مدینہ** کرتے ہوئے ہر ماہ مَدَنی اِنْعامات کا رِسالہ اپنے ذِمّہ دار کو جَمْع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشِش کے لئے عُمر بھر میں یَکْمُشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ کم از کم 3 دن جَدوَل کے مُطابِق **مَدَنی قافلے** میں سَفَر کی تَرکیب بناتے رہیں۔

❀ بِلاناغہ فِکْرِ مدینہ کرتے ہوئے رِضائے رَبُّ الاَنام کے مَدَنی کام کرتے ہوئے عطّار کا دوست، پیارا، مَنْظُورِنظر اور مَحبُوب بننے کی سَعی جاری رکھئے۔ اِستِقامت پانے کیلئے ہر ماہ کم از کم 3 دن کے مَدَنی قافلے میں سَفَر کو اپنا مَعْمول بنالیجئے، نیز ضَروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اِشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشِش کے ساتھ ساتھ نِگاہیں جُھکا کر رکھنے کی تَرکیب بنائیے۔

❀ **مَرکَزی مَجلسِ شوریٰ**، **پاک کابینہ** اور اپنے شُعبے کے مَدَنی مشوروں کے ملنے والے مَدَنی پھولوں کا خود بھی مُطالَعہ کیجئے اور مُتَعلِّقہ تمام ذِمّہ داران تک بروَقت پہنچانے کی تَرکیب بنایئے۔

❀ دورانِ مَدَنی کام و مُلاقات شَیخِ طَرِیقت، اَمیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے ذَرِیعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رَضَویہ عطّاریہ میں مُرید / طالِب بنانے کی کوشِش کرتے رہیں، مُرید / طالِب ہوجائیں تو **مجلس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ** سے مَکْتُوب کی بھی تَرکیب بنائیں۔

❀ مَدَنی کام اِستِقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بِالْخُصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں۔

**مَدَنی اِنعام نمبر24:** کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شُوریٰ، زون، مُشاوَرتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شَریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟


www.dawateislami.net

**مَدَنی انعام نمبر26:** کسی ذِمّہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضَرورت محسُوس ہو تو تحریری طور پر یا بَراہِ راست مِل کر (دونوں صورتوں میں نَرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشِش فرمائی یا مَعاذَاللہ! بِلا اِجازَتِ شَرعی کسی اور پر اِظہار کر کے غیبت کا گُناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# مَدَنی مراکز

**مَجْلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کے کاموں میں اَہَم ترین کام تَبلیغِ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دَعوتِ اِسلامی کے مَدَنی مراکز "**فیضانِ مدینہ**" کی دیکھ بھال ہے۔ البتہ! فیضانِ مدینہ کے نام سے مَعرُوف ہر عِمارت کو مَدَنی مَرکز ہونے کی حَیثِیَّت حاصِل نہیں، دَعوتِ اسلامی کا مَدَنی مرکز وُہی فیضانِ مدینہ قرار پائے گا جو **مَجلِس فیضانِ مدینہ** کے طے شُدہ اُصولوں کے مُطابِق ہو۔ کیونکہ مَدَنی مَراکِز **فیضانِ مدینہ** کا قِیام خاص مقاصِد کے تحت ہوتا ہے، ان مَدَنی مَراکِز میں نیکی کی دَعوت کو عام کرنے کے لئے مَسْجِد کے ساتھ ساتھ دیگر مُتعَدَّد شُعبہ جات کی بھی ترکیب ہوتی ہے۔

## درخواست برائے مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ

### شرائط وضوابط

﴿1﴾ مَدَنی مَرکَز **فیضانِ مدینہ** کے لئے جگہ خریدنے/ ملنے سے لے کر مُکمَّل تعمیرات اور بعد کے تمام مُعامَلات میں قدم قدم پر **مَجْلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کے ذَرِیعے اِفتا مَکتَب سے شَرعی راہ نُمائی لیناضَروری ہے اور اسی کے مُطابِق سب کام سراَنجام دینالازِمی ہو گا۔

﴿2﴾ قانونی مُعامَلات مِنْ کُلِّ وُجُوہ (ہرطرح) اوکے (Ok) ہوناضَروری ہیں۔

﴿3﴾ عِمارت کے مُکمَّل کاغذات **مَجلِس اَثاثہ جات** کے طریقۂ کار کے مُطابِق دَعوتِ اِسلامی کے نام ہونے چاہئیں۔

﴿4﴾ **مَجلِس فَیضَانِ مَدِیْنَہ** کی طرف سے طے شُدہ ضَروریاتِ فیضانِ مدینہ کا پورا کرناضَروری ہو گا۔

نام نگرانِ ڈویژن مُشاوَرت/ شہر: ............ دستخط: ............

نام نگرانِ کابینہ: ............ دستخط: ............

نام زونل نگران: ............ دستخط: ............



www.dawateislami.net

## رُکنِ مَجْلِس (زونل ذِمّہ دار) فیضانِ مدینہ کے تَأَثُّرات

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

نام و دستخط رُکنِ مَجْلِس ..............................................

## اِجازت نامہ

آپ کو مُبارک ہو، آپ کے ڈویژن/ شہر ..................... میں مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ بنانے کی اِجازت ہے۔ **اللہ** پاک آپ کی کوششیں قبول فرمائے اور اَمیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کی مَدَنی سوچ کے مُطابِق اس کے اِنْتِظام و اِنْصِرام کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دستخط نگرانِ مجلس (مُلک) فیضانِ مدینہ ..............................................

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## تعمیراتی ضروریات

| نمبر شُمار | ضروریات | تفصیلات |
|---|---|---|
| 1 | مَسْجِد | مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں مَسْجِد ہونا بُنْیادی شَرْط ہے۔ مَسْجِد کا نقشہ **مَجْلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کا تصدیق شُدہ ہو گا۔ |
| 2 | اِسْتِقْبَالِیَہ | مین گیٹ کے قریب ایک اِسْتِقْبَالِیَہ مَکْتَب ہوگا، جہاں پر فیضانِ مدینہ میں آنے والے اِسلامی بھائی رابطہ کرسکیں۔ |
| 3 | جوتے رکھنے کی جگہ | نمازیوں وغیرہ کے جُوتوں کی حِفاظَت کے لئے بہتر ہے کہ خارِجِ مَسْجِد میں جوتے رکھنے کی جگہ ہو یا الماری کی ترکیب ہو۔ |
| 4 | **مَخْزَن** (اسٹور) | جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ، مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ، مَسْجِد، دَعْوَتِ اِسْلامی کی اَشیا کے لئے الگ الگ **مَخْزَن** (اسٹور) ہو۔ **مَخْزَن** (اسٹور) کا سائز حَسْبِ ضَرورت ہو۔ |
| 5 | المدینہ لائبریری | فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری **مَجْلِس اَلْمَدِیْنَہ لائبریری** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ہو۔ |



www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 6 | مَدَنی مُذاکَرہ ہال | **مَجلِس مَدَنی مُذاکَرہ** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق خارِجِ مَسْجِد میں ایک مَدَنی مُذاکَرہ ہال ہونا چاہیے، جس میں مَدَنی مُذاکَرہ کے ساتھ ساتھ مَدَنی چینل پر ہونے والے تربیتی اِجتِماعات، رمضان اِعْتِکاف اور مَدَنی کورسز وغیرہ کا اِہتِمام کیا جاسکے۔ |
| 7 | جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ | **مَجلِس جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ کی ضَروریات کی ترکیب ہو۔ |
| 8 | مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ | **مَجلِس مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ کی ضَروریات کی ترکیب ہو۔ |
| 9 | دیگر تنظیمی دفاتر | اِمام کا حُجرہ، تعویذاتِ عطّاریہ کا دَفْتَر، مَدَنی قافلہ دَفْتَر، آرام دَفْتَر، مَدَنی عطیات باکس دَفْتَر، مالِیات دَفْتَر وغیرہ۔ |
| 10 | رہائش | خارِجِ مَسْجِد (یا جہاں پر شرعاً اِجازت ہو) میں اِمام فیضانِ مدینہ کی رہائش ہو۔ |
| 11 | وُضو خانے، اِسْتِنْجا خانے، غسل خانے | جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ، مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ کیلئے ہر 10 اَفراد کیلئے وُضو خانے کا ایک نَل اور ایک اِسْتِنْجا خانہ اور 20 اَفراد کے لئے ایک غسل خانہ ہو۔ اسی طرح مَسْجِد کے لئے اِعْتِکاف اور اِجْتِماع کی تعداد کو پیشِ نَظَر رکھتے ہوئے ہر 10 اَفراد کے لئے وُضو خانے کا ایک نل اور اِسْتِنْجا خانہ اور 20 اَفراد کے لئے ایک غسل خانہ ہو۔ |
| 12 | تہہ خانہ | فیضانِ مدینہ کے کسی بھی حِصّہ میں تہہ خانہ بنانے کی اِجازت نہیں۔ |

## انتظامی ضروریات

| | | |
|---|---|---|
| 1 | فلٹر سسٹم | صاف پانی کی فراہمی کے لئے ضرور تاً فلٹر سسٹم ہو۔ |
| 2 | گیزر | سردیوں میں وُضو کے لئے گرم پانی کی ضَرورت کو پورا کرنے کے لئے گیزر ہو۔ |
| 3 | پانی کی سبیل | سُنّت کے مُطابِق پانی پینے کا مُناسِب اِنْتِظام ہو۔ |
| 4 | ساؤنڈ سسٹم | مَسْجِد اور ہفتہ وار اِجْتِماع وغیرہ کیلئے ساؤنڈ اور اسپیکرز کا مُناسِب اِنْتِظام ہو۔ (اس کی بھی شرعی راہ نُمائی لی جائے) |
| 5 | میٹرز | مَسْجِد، مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ، جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ اور امام کی رہائش کے لئے بجلی اور گیس کے الگ الگ میٹرز کی ترکیب ہو۔ |
| 6 | تختۂ غُسل و چارپائی | اَمواتِ مُسلِمین پر میِّت کو غسل دینے کے لئے تختۂ غسل اور جنازے کی چارپائی کی ترکیب ہو۔ |


www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 7 | حِفاظتی اُمُور | **مَجْلِس حِفاظتی اُمُور** کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق حِفاظَت کی ضَروریات پوری ہوں۔ |
| 8 | مَسْجِد خُوشبودار | مَسْجِد کو خُوشبُودار رکھنے کیلئے مُناسِب اِنْتِظام ہو۔ مَثَلًا الیکٹرک لوبان کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے۔ (اس کے اَخراجات کی شَرْعی راہ نُمائی لے لی جائے کہ کن مدنی عطیات سے ہوں) |
| 9 | خادِمین | فیضانِ مدینہ / مَسْجِد کے لئے حَسْبِ ضَرورت خادِمین اور اِسْتِنْجا خانوں کے لئے بھنگی کی ترکیب کی جائے تاکہ صفائی بہتر انداز میں ہوسکے۔ |

**ضروری توَجُّہ:** مذکورہ بالا تمام ضروریات کی تعمیرات وغیرہ سے پہلے شَرْعی راہ نُمائی لینا ضروری ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## تعمیرات کا نظام

**مَدَنی مَرْکَز فیضانِ مدینہ** میں کسی قِسْم کی تعمیرات یا مَرمَّت کی حاجَت مَحْسُوس ہو تو **مَجْلِسِ فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کی طرف سے طے کردہ **مَدَنِی مَرَاکِز فَیْضَانِ مَدِیْنَہ میں تعمیرات کے نِظام** پر مُشْتَمِل دَرْج ذَیل مَدَنی پھولوں کو پیشِ نَظَر رکھنا لازِم ہے:

❶ جس مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں نئی تعمیرات (یا پُرانی تعمیرات کی مَرمَّت) کی حاجَت مَحْسُوس ہوگی۔ مُتَعَلِّقہ **نَاظِمُ الْاُمُوْر** حَسْبِ ضَرورت درخواست لکھ کر **نگرانِ کابینہ یا نگرانِ ڈویژن مُشَاوَرَت** سے تصدیق کرواکر **رُکْنِ مَجْلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کو اِرْسال فرمائیں گے۔ (البتّہ! مَعْمُولی مَرمَّت جیسے وُضو خانے میں ایک دو[۲] ٹونٹیوں کے ٹوٹ جانے پر نئی ٹونٹیوں کی حاجت ہو تو **نَاظِمُ الْاُمُوْر** اپنے طور پر ایسے کاموں کی ترکیب خود ہی بنا سکتا ہے۔)

❷ **رُکْنِ مَجْلِس فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** تعمیرات کی شَرْعی اِجازَت لے کر **رُکْنِ مَجْلِسِ تعمیرات** کو اِرْسال کریں گے، جو تین[۳] مُخْتَلِف ٹھیکیداروں سے جائزہ کرواکران کی طرف سے ملنے والا تخمینہ نگرانِ مَجْلِسِ تعمیرات کو مَنْظُوری کے لئے پیش کریں گے۔

❸ جس ٹھیکیدار (Contractor) کی کوٹیشن (Quotation) فائنل ہوگی۔ اس کے ساتھ سیمی فائنل تحریری مُعاہدہ (Written Agreement) کیا جائے گا۔ جس میں تمام شرائط و جُزئیات واضح دَرْج ہوں گی۔



www.dawateislami.net

4 اس سیمی فائنل مُعاہدہ کی **رُکنِ مَجلِسِ فَیضانِ مَدِیْنَہ** کے ذریعے شَرعی تفتیش کروائی جائے گی اور مُعاہدہ فائنل (Final) ہونے کے بعد مُتعلِّقہ **نگرانِ کابینہ** کے دستخط ہونگے۔

5 اس اجازَت یافتہ مُعاہدے کی تکمیل کیلئے چار یا پانچ اَفراد پر مُشتَمِل مَجلِس بنے گی جو ان ذِمّہ داران پر مُشتَمِل ہو گی: ① **ناظِمُ الاُمُور/امام** ② تعمیرات ذِمّہ دار ③ مالیات ذِمّہ دار ④ خود کَفالَت کیلئے شَخصِیَّت ⑤ خریدار ذِمّہ دار۔ اس مَجلِس کے نگران **ناظِمُ الاُمُور/امام** ہوں گے۔

6 **تعمیرات کے ذِمّہ دار** کا کام تعمیرات کو فنّی اِعتِبار سے دیکھنا، **خریدار ذِمّہ دار** کا کام مَدَنی مرکز کے طریقہ کار کے مُطابِق خریداری کرنا، **مالِیات ذِمّہ دار** کا کام مُعاہدوں کے مُطابِق مَدَنی عطیات جاری کرنا اور حِساب لینا، **خود کَفالَت ذِمّہ دار** کا کام مَدَنی عطیات کی فراہمی اور **ناظِمُ الاُمُور/امام** کا کام مَجلِس کے ان تمام اراکین سے رابطے میں رہنا اور تعمیرات کے کام کو بَروَقت پایۂ تکمیل تک پہنچانے اور دورانِ کام درپیش مسائل کے حل کے لئے ہر مُمکِن کوشِش بروئے کار لانا ہے۔

7 ہر منصوبے سے قَبل مَذکورہ مَجلِس کی مَدَنی تَربِیَت کی ترکیب بنائی جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مَدَنی مَرکز کی عِمارَت کا انداز

مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کی تعمیرات جہاں بھی ہوں، ان کو عالَمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کی طَرز پر بنایا جائے کہ دُنیا بھر میں کہیں بھی دیکھنے والا فوراً پہچان جائے کہ یہ دَعوتِ اِسلامی کا مَدَنی مرکز ہے۔ مَثَلاً مِحراب، ہال کی چھت، کھڑکیاں، دروازے، دِیواریں، فرش، سُتُون اور مَدَنی گنبد کا ڈیزائن (Design)، رنگ وروغن، اسٹائل (Style) وغیرہ بھی عالَمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کی طَرز پر ہی ہو۔ البتہ! جو مَدَنی مراکز پہلے سے تعمیر شُدہ ہیں ان میں کسی بھی قسم کے تغیُّر وتبدُّل کی اجازَت نہیں، اس کے لئے مَجلِس فیضانِ مدینہ کے ذَرِیعے اِفتا مکتَب سے شَرعی راہ نُمائی لینا ضروری ہے۔

**نئے مدنی مراکز کی تعمیر کے مدنی پھول:** دَعوتِ اِسلامی کے مَدَنی مراکز کی تعمیرات کے لئے ان مَدَنی پھولوں کا لِحاظ رکھا جائے:


﴿1﴾ مَسْجِد کا **مِحْراب** عالَمی مَدَنی مَرکَز کی طَرز پر ہو لیکن مِحْراب کے اُوپَر جس طرح عالَمی مَدَنی مَرکَز میں مچان (شیشے کا کیبن) بنا ہوا ہے اسکے بنانے کی اِجازت نہیں۔ پروفیشنل (Professional) کی نگرانی میں مِحْراب کا ڈیزائن (Design) اور ٹائلز (Tiles) کا اسٹائل (Style) اور رنگ و روغن وُہی اَپنایا جائے جو عالَمی مَدَنی مَرکَز کے مِحْراب میں ہے۔




البتہ! ٹائلز پر یہ تحریر لکھی جاسکتی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| **یَا اللّٰہ** جَلَّ جَلَالُہٗ | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ<br>لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ | **یَا رَسُوْلَ اللّٰہ** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم |

❀ مِحْراب اِتنا بڑا ہو کہ قبلہ رُو کھڑے ہونے کی صُورت میں دائیں جانِب مِنْبَر آسکے اور بائیں جانب اِمام نَماز پڑھا سکے لیکن جب اِمام نَماز کے لئے کھڑا ہو تو اس کے قدم مِحْراب سے باہَر رہیں اور اس کے بعد سے ہی پہلی صَف کا آغاز کیا جائے۔



❀ مَسْجِد کا مِنْبَر لکڑی کا ہو اور اس طرح رکھا جائے کہ پہلی صَف قَطع نہ ہو۔ نیز اس کا سائز (Size) ضَرورت کے مُطابِق ہو نہ کہ بَہُت چوڑا۔



❀ مِحْراب کی دائیں بائیں جانِب (خارجِ مَسْجِد) اگر جگہ ہو تو اَذان دینے کے لئے اور مَسْجِد کے اسپیکر (Speaker) رکھنے کے لئے چھوٹے کمرے بنادیئے جائیں۔

﴿2﴾ **پہلی صَف کا آغاز** ایک قَدَم ہٹ کر کیا جائے تا کہ آگے ضرورتاً تِلاوت کے لئے ڈیسک (Desk) وغیرہ کوئی چیز رکھنے کی جگہ باقی رہے۔

﴿3﴾ **صفیں** اتنی بڑی ہوں کہ سنّت کے مُطابِق سجدہ کی اَدائیگی ہو سکے اور ہر دو صَفوں کے درمیان لائنیں تقریباً آدھا اِنچ چوڑی ہوں اس سے بڑی مُختَلِف ڈیزائن دار (Designed) پٹیاں نہ بنائی جائیں۔





﴿4﴾ **قالین** (Carpet) کی ترکیب دَرجِ ذیل مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ہی بنائیں:

❀ **قالین** کی لمبائی 20 فٹ اور چوڑائی 4 فٹ ہونی چاہئے۔


www.dawateislami.net

❀ **قالین** بِالکُل سادہ ہو، اس میں کسی قسم کی ڈیزائننگ (Designing) نہ ہو۔ ❀ **قالین** بہت زِیادہ سخت ہو نہ اس قدر نرم ہو کہ پیشانی ہی زمین پر نہ لگے۔ ❀ **قالین** صرف میرون رنگ کا ہو اور کسی رنگ کا نہ ہو۔

❀ پاؤں کی جانِب والی طرف پر گولڈن (Golden) جبکہ باقی تینوں اَطراف (Sides) میں میرون (Maroon) اوورلاک (Overlock) کی ترکیب ہو۔



﴾4﴿ **سُتُون** (Pillars) کو اس طرح بنایا جائے کہ صَفوں کے درمیان نہ ہوں مَثَلاً سُتُون سے پہلے اور بعد والی صَف کم از کم ایک، ایک بالِشت آگے، پیچھے رکھیں تاکہ سُتُون کے پاس کھڑا ہونے والا جب رُکوع و سجود میں جائے تو اسے آسانی رہے اور صَف ٹیڑھی ہو نہ مُنْقَطِع ہو۔

﴾6﴿ **مَسْجِد کی اندرونی دیواروں** پر وائٹ ٹائلز (White Tiles) کا اِسْتِعمال کیا جائے اور مُناسِب جگہوں پر درج ذیل مَدَنی پھولوں کی بھی حسبِ ضَرورت ترکیب بنائی جائے:

✽ **ترجمۂ کنزالایمان:** اور وہ جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں یہی لوگ وارث ہیں کہ فردوس کی میراث پائیں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (پ۱۸، المؤمنون: ۹تا۱۱)

✽ **ترجمۂ کنزالایمان:** اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔ (پ۹، الاعراف: ۲۰۴)

✽ **ترجمۂ کنزالایمان:** اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سُلوک کرو۔ (پ۱۵، بنی اسرائیل: ۲۳)

✽ **فرمانِ مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وسلم: کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنی بات ہی کافی ہے کہ ہر سُنی سنائی بات کر دے۔ [۱]

✽ **فرمانِ مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وسلم: مِسْواک منہ کی پاکیزگی اور اللہ پاک کی خُوشْنُودی کا سَبَب ہے۔ [۲]

✽ **فرمانِ مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وسلم: مِسواک کر کے نماز پڑھنا بغیر مِسواک کی 70 نمازوں سے اَفضل ہے۔ [۳]

✽ **فرمانِ مصطفےٰ** صلی اللہ علیہ وسلم: چُغل خور جنّت میں داخِل نہیں ہو گا۔ [۴]

✽ جو مَسْجِد میں دنیا کی بات کرے اللہ پاک اس کے 40 سال کے عَمَل اَکارَت (یعنی برباد) فرما دے۔ [۵]

---

[۱] ......مسلم، المقدمۃ، باب النھی عن الحدیث بکل ما سمع، ص۱۲، حدیث: ۵

[۲] ......ابن ماجہ، کتاب الطھارۃ، باب السواک، ص۶۰، حدیث: ۲۸۹

[۳] ......مسند احمد، مسند عائشۃ رضی اللہ عنھا، ۱۰/ ۶۴۶، حدیث: ۲۷۰۹۴

[۴] ......بخاری، کتاب الادب، باب ما یکرہ من النمیمۃ، ص۱۵۰۸، حدیث: ۶۰۵۶

[۵] ......غمز عیون البصائر، الفن الثالث، القول فی احکام المسجد، ۴/ ۶۰



www.dawateislami.net

✽ اَلصَّمْتُ حِکَمٌ وَّقَلِیْلٌ فَاعِلُهٗ۔ خاموشی حِکْمت ہے اور اسے اِخْتِیار کرنے والے کم ہیں۔ (1)

✽ (اُمُورِ آخرت میں) گھڑی بھر غور وفِکْر کرنا ساٹھ سال کی عِبادَت سے بہتر ہے۔ (2)

✽ جس شخص نے اللہ پاک کی رِضا جوئی کے لئے مَسْجِد بنائی اگرچہ وہ مَسْجِد پرندے کے گھونسلے کے برابر ہی کیوں نہ ہو، اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنّت میں مَحَل بنا دیتا ہے۔ (3)

✽ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ مَساجِد میں دُنیا کی باتیں ہوں گی، تم ان کے ساتھ مَت بیٹھو کہ اللہ پاک کو ان سے کچھ کام نہیں۔ (4)

✽ جنّتُ الفردوس خاص اس شخص کے لئے ہے جو نیکی کا حُکْم کرے اور بُرائی سے منع کرے۔ (5)

✽ فُضُول کلام چھوڑ دینا گفتگو میں حِکْمت پیدا کرتا ہے۔ (6)

✽ نمازی کے سامنے سے گزرنے والا اگر جانتا کہ اس پر کیا گناہ ہے تو زمین میں دھنس جانے کو گُزرنے سے بہتر جانتا۔ (7)

✽ مَسْجِد میں دوڑنا یا زور زور سے قَدَم رکھنا جس سے دَھمک پیدا ہو مَنْع ہے۔ (8)

✽ مَسْجِد میں سوال کرنا حَرام ہے اور اس سائل کو دینا بھی مَنْع ہے۔ (9)

✽ صَلَّی اللہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللہِ۔ یہ دُرُود شریف ہر نَماز کے بعد خُصُوصاً بعدِ نَمازِ جُمُعَہ مدینہ مُنَوَّرہ زَادَھَا اللہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا وَّتَکْرِیْمًا کی جانِب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے سے بے شُمار

---

1 ...... شعب الایمان، ۳۴-باب فی حفظ اللسان، فصل فی فضل السکوت عما لایعنیه، ۴/ ۲۶۴، حدیث: ۵۰۲۶

2 ...... کتاب العظمة، باب الامر فی آیات الله، ما ذکر من الفضل فی المتفکر فی ذلك، ص ۳۳، حدیث: ۴۴

3 ...... صحیح ابن حبان، کتاب الصلاة، باب المساجد، ذکر الخبر الدال... الخ، ص ۵۱۷، حدیث: ۱۶۱۰

4 ...... شعب الایمان، ۲۱-باب فی الصلوات، فصل المشی الی المساجد، ۳/ ۸۶، حدیث: ۲۹۶۲

5 ...... تنبیه المغترین، منها امرهم بالمعروف... الخ، ص ۲۰۰

6 ...... بحر الدموع، الفصل الثامن والعشرون فضل الصمت، ص ۱۷۶

7 ...... مؤطا امام مالك، کتاب قصر الصلاة فی السفر، باب التشدید فی ان یمر... الخ، ص ۹۷، حدیث: ۳۷۱

8 ...... فیضانِ سنت، ۱/۱۲۰۴


9 ...... بہارِ شریعت، احکامِ مسجد، ۱/ ۶۴۷




www.dawateislami.net


فضائل وبرکات حاصِل ہوتے ہیں۔ [1]

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**






﴿5﴾ **کھڑکیاں اور دروازے** بھی عالَمی مَدَنی مرکز کی طرز پر مِحراب نُما بنائے جائیں۔ مَثَلاً کھڑکیاں سلائیڈ والی اور باہَر کی جانِب کُھلنے والی ہوں، اسی طرح دروازے بھی لکڑی کے اور اُوپر سے مِحراب نُما گولائی میں ہوں۔ البتہ! سائز(Size) میں جگہ کے حِساب سے کمی بیشی ہوسکتی ہے۔ مَسْجِد کی کھڑکیوں اور دروازوں میں براؤن(Brown) پالش(Polish) کروائی جائے یا براؤن (Brown) رنگ(Colour) کروا دیا جائے۔ البتہ! بلڈنگ کی باہر والی جانب کھڑکیوں وغیرہ کا رنگ سبز(Green) ہو گا۔





﴿7﴾ **قرآنِ پاک رکھنے کی الماریاں** دیوار میں فِکس(Fix) بنا دی جائیں، یہ سامنے مِحراب کے اِرد گِرد ہوں، ضَرورتاً دیگر دیواروں میں بھی بنا سکتے ہیں لیکن اتنی بُلَند ہوں کہ نیچے اگر مُعْتَکِف آرام کرے تو بے اَدَبی نہ ہو۔



﴿9﴾ **مَسْجِد کی اندرونی چھت** کا ڈیزائن (Design) فیضانِ مدینہ مَسْجِد کی طرز پر چھوٹا چھوٹا چکور نُما ہو (یہ چھت کی مَضْبُوطی کے لئے بیم(Beam) ڈالے گئے ہیں) اندرونی کناروں میں سبز رنگ کا ایک چوکور ڈبہ بنایا جائے اور اس میں سفید رنگ(White Colour) ہو اور مُناسِب فاصلے پر لائٹوں اور پنکھوں کی فٹنگ(Fitting) کا اِنتِظام ہو۔

﴿10﴾ **پنکھے** کتنی اونچائی پر اور کتنے فاصلے پر ہوں؟ اس کے مُتَعَلِّق کسی پروفیشنل سے معلومات لے کر فائنل(Final) کیا جائے۔




﴿14﴾ ہر مَنزِل کے اِخْتِتام پر **بیرونی دیوار اور چھت کے بیرونی کنارے** پر چھوٹی محرابیں بنائی جائیں۔ بیرونی دیواروں پر کریم(off-white) یا

---


[1] ......مدنی پنج سورہ، ص ۱۷۱

ڈِسٹمپر(Distemper)اور چھوٹے محراب میں گہرا سبز(Dark-Green) رنگ(Colour) کیا جائے۔



﴿16﴾ **مَدَنی گُنبد** تین۳ رنگ کا یعنی اُوپر **سبز گنبد** گولائی میں، اسکے نیچے چھوٹی چھوٹی محرابوں پر مُشْتَمِل چوڑی **نیلے رنگ کی پٹی** (جو غوثیہ گنبد کا اِشارہ ہو) اور آخر میں **سیاہ سُفید رنگ** کی لائنوں پر مُشْتَمِل ایک بُنْیاد (جو مزار اعلیٰ حضرت کے گنبد کا اِشارہ ہو)۔

﴿17﴾ **مینار** کی ترکیب طے شُدہ نقشے کے مُطابِق کی جائے۔



﴿19﴾ **پانی کی ٹینکی** نَمازیوں کی ضَرورت کے مُطابِق چھوٹی یا بڑی بنائی جاسکتی ہے اور یہ مَسْجِد کے طَہارت خانوں کے اُوپر یا اِمام ومُؤَذِّن کی رہائش ہونے کی صُورت میں رہائش کے اُوپر بنائی جائے اور اس کی مَضبُوطی اور پائیداری پر خُصُوصی توجُّہ کی ضَرورت ہے۔ اس کا اسٹائل(Style) فیضانِ مدینہ مَسْجِد کی ٹینکی جیسا ہو اور صفائی کرنے کے لِحاظ سے بھی آسان ہو۔ نیز جہاں زمینی اور قدرتی پانی کی قِلَّت ہو وہاں ضَرورتاً زیرِ زمین پانی کا ٹینک(Water Tank) بھی بنایا جاسکتا ہے جو جگہ اور ضَرورت کے اِعْتِبار سے چھوٹا بڑا ہو سکتا ہے۔

﴿25﴾ جَامِعَۃُ الْمَدِینہ اور مَدْرَسَۃُ الْمَدِینہ کی عِمارت ایک جانِب عالَمی مَدَنی مَرکَز کی طَرز پر ہو۔



﴿18﴾ **مین گیٹ** (Main Gate) دُوپَٹ والا لوہے کا بڑا اور مَضْبُوط ہو اور اس طرح نَصْب کیا گیا ہو کہ کھلنے اور بند ہونے میں آسان اور آرام دہ ہو۔ نیز اس میں چھوٹا دروازہ بھی ہو جو رَش (بَہُت بڑا مجمع) نہ ہونے کی صُورَت میں عام آمد و رَفْت کے لئے اِسْتِعمال کیا جائے۔ یہ چھوٹا دروازہ مِحْراب نُما بنوایا جائے یعنی دونوں اَطراف سے سیدھا اور اُوپَر سے مِحْراب کی طرح گول۔ نیز دروازے پر باہَر کی جانِب مِحْراب نُما اسٹائل (Style) ویلڈنگ (Welding) کروایا جائے اور پورے مین گیٹ (Main Gate) کا رنگ ہلکا سبز (Light Green) ہو جو فیضانِ مدینہ مَسْجِد کے مین گیٹ کا ہے۔



﴿22﴾ **جوتے رکھنے کی جگہ:** جُوتے رکھنے کی جگہ کے طور پر لکڑی کے خانوں والے رَیکس (Racks) بنائے جائیں جن کی کُشادَگی آرام سے جُوتا رکھنے، اُٹھانے کے اِعْتِبار سے ہو۔ اس پر کریم (off-white) کلر (Colour) ہو اور مَسْجِد کے داخِلی دروازے کے پاس نَصْب ہو تاکہ مَسْجِد گَرد و غُبار وغیرہ سے آلُودہ نہ ہو۔



﴿23﴾ **مَدَنی مَرْکَز فیضانِ مدینہ کے نام والا بورڈ** ہلکا سبز (Light Green) ہو (مین گیٹ پر جو رنگ ہو وُہی مَسْجِد کے بورڈ پر ہو) اور اس پر سُفید (White) لکھائی ہو۔

﴿24﴾ **مَدَنی عطیات باکس** (یعنی لوہے کے غلّے): ہر مَدَنی مَرکَز کے باہَر نُمایاں مقام پر کم از کم تین۳ مَدَنی عطیات باکس لگائے جائیں۔ ایک مَسْجِد کے چندے کے لئے، ایک صَدَقاتِ واجِبہ کے لئے اور ایک نفلی صَدَقات کے لئے۔




﴿11﴾ مَسْجِد میں کہیں بھی گیلری (Gallery) نہیں ہو گی۔

﴿20﴾ مَسْجِد کا تہہ خانہ (Basement) بنانے کی اِجازَت نہیں۔ ہاں اگر کہیں ضَرورت محسُوس کریں تو اس کے بارے میں شَرْعی و تنظیمی راہ نُمائی لے لیں۔

﴿21﴾ شرعاً اِجازَت کی صُورَت میں مین روڈ کی طرف دُکانیں بھی تعمیر کی جاسکتی ہیں۔

﴿26﴾ نقشے میں جگہ کا تَعَیُّن کر کے اِمام و مُؤَذِّن کے حُجرے کی ترکیب ہو۔




﴿12﴾ مَسجِد کے ہال (Hall) کے بعد ایک بَرآمدہ بنادیا جائے۔

﴿15﴾ صَحنِ مَسجِد کے بعد مُتَّصِل وُضُوخانے اور اِسْتِنْجاخانے نَمازیوں کی تعدادیا رَقْبہ کی پیمائش کے مُطابِق تعمیر ہوں (یعنی نَمازی کم زِیادہ تو یہ بھی اسی حساب سے کم زِیادہ اور جگہ چھوٹی بڑی تو یہ بھی چھوٹے بڑے)۔ نیز اِسْتِنْجاخانہ شُمال و جُنُوب کی طرف رُخ رکھ کر بنائے جائیں، بنانے سے قَبْل قِبلہ سَمْت کا خاص خَیال رکھا جائے۔ وُضُوخانے کا فرش دانے دار ٹائل والا ہو اور اس کا رنگ (Colour) کریم یعنی آف وائٹ (off-white) ہو۔



﴿13﴾ **وُضُوخانہ** شَیخِ طَرِیْقَت، اَمیرِ اَہلسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ دَرْج ذَیل مَدَنی پھولوں کے مُطابِق بنایا جائے۔


## "یارسولَ اللہ" کے دس حُرُوف کی نِسبت سے وُضُوخانے کے 10 مَدَنی پھول



﴿1﴾ مُمکِن ہو تو رِسالہ "**وُضُوکا طریقہ**" کے پیچھے دیئے ہوئے وُضُوخانہ کے نقشے سے راہ نُمائی حاصِل کرکے وُضُوخانہ بنوایئے۔

﴿2﴾ مِعْمار کے دلائل سُنے بِغیر دیئے ہوئے نقشے کے مُطابِق بنے ہوئے گھریلو وُضُوخانے کے بالائی (یعنی پاؤں رکھنے والے) فرش کی ڈھلوان (slope) دو۲ اِنْچ رکھئے۔


﴿3﴾ اگر ایک سے زِیادہ نل لگوانے ہوں تو دو۲ نلوں کے درمیان 25 اِنْچ کا فاصِلہ رکھئے۔



﴿4﴾ وُضوخانے کی ٹُونٹی میں حَسْبِ ضَرورت پلاسٹک کی نپل لگالیجئے۔

﴿5﴾ اگر پائپ دیوار کے باہَر سے لگوائیں تو حَسْبِ ضَرورت نَشِسْت گاہ ایک یا دو۲ اِنْچ مزید دُور کرلیجئے۔


﴿6﴾ بہتر یہ ہے کہ کچّا کام کرواکر ایک آدھ بار اس پر بیٹھ کر یا وُضو کرکے اچھّی طرح دیکھ لینے کے بعد پُختہ کروایئے۔



﴿7﴾ وُضو خانے یا حمّام وغیرہ کے فرش پر ٹائلز (Tiles) لگوانے ہوں تو کُھردَرے (Slip Resistance Tiles) لگوائیے تاکہ پھسلنے کا خطرہ کم ہو جائے۔

﴿8﴾ بہتر یہی ہے کہ وُضو خانے پر چار خانے دار ٹائلز (Check Tiles) لگوائیے تاکہ پھسلنے کا اِمکان ہی نہ رہے۔

﴿9﴾ اگر چار خانے دار ٹائلز نہ مل سکیں تو پاؤں رکھنے کی جگہ کا سِرا اور اس کے بعد والی ڈھلوان کم از کم دو۲ دو اِنچ پتھریلی اور خوب کُھردَری اور گول بنوائیے تاکہ ضَرورتاً پاؤں رگڑ کر میل چُھڑایا جا سکے۔



﴿10﴾ باورچی خانہ، غُسل خانہ، بَیتُ الخَلا کا فرش، کُھلا صحن، چھت، مَسجِد کا وُضو خانہ اور جہاں جہاں پانی بہانے کی ضَرورت پڑتی ہے ان مقامات کے فرش کی ڈھلوان (slope) مِعمار جو بتائے اُس سے بِلا جھجک ڈیڑھ گُنا (مَثَلاً وہ دو۲ اِنچ کہے تو آپ تین۳ اِنچ) رکھوائیے۔ مِعمار تو یہی کہے گا کہ آپ فکر مت کیجئے ایک قطرہ بھی پانی نہیں رُکے گا اگر آپ اِس کی باتوں میں آ گئے تو ہو سکتا ہے ڈھلوان برابر نہ بنے لہٰذا اُس کی بات پر اعتماد نہیں کریں گے تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا فائدہ آپ خود ہی دیکھ لیں گے کیوں کہ مُشاہدہ یہی ہے کہ اکثر فرش وغیرہ پر جگہ جگہ پانی کھڑا رہ جاتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مَجلِسِ مَخْزَن (اسٹور) برائے فیضانِ مدینہ کے 38 مَدَنی پھول

① جو مَخْزَن (اسٹور) قائم کئے جائیں اس میں **مخزن رجسٹر** نافِذ کیا جائے اور اس کی کارکردگی لی جائے۔

② جو اَشیا دَعوتِ اِسلامی کے مَدَنی عطیات یا شخصیات سے حاصِل کی جائیں ان سے دَعوتِ اِسلامی جہاں مُناسِب سمجھے، اِستِعمال کرنے کے اختیارات حاصِل کئے جائیں۔

③ **مَخْزَن** (اسٹور) کی ہر شے پر ٹیگ (Tag) لگا کر اس پر کَیفِیَّت، مد اور خُصُوصِیَّت ضَرور لکھی جائے۔

④ **مَخْزَن** (اسٹور) کے نِظام کو بہتر رکھنے کے لئے کارکردگی فارم بنایا جائے گا۔ جس پر **ماھانہ مَخْزَن** (اسٹور) کی ہر شہر (مَدَنی مَرکز)، کابینہ، زون اور پاکستان سَطح پر کارکردگی لی جائے گی۔

⑤ **مَخْزَن** (اسٹور) **مَجلِسِ مَخْزَن برائے فَیضَانِ مَدِینہ** کے طے شُدہ مَدَنی پھولوں کے مُطابِق تیّار کیا جائے۔



www.dawateislami.net

⑥ ہر **مَخْزَن** (اسٹور) (مَدَنی مَرکز) کی ری چیکنگ (Rechecking) کا دورانیہ کم از کم ایک ماہ ہونا چاہئے اور **مَخْزَن آڈٹ ٹیم** (Stock Audit Team) ہر 3 ماہ بعد **مَخْزَن** (اسٹور) کی چیکنگ (Stocktaking) کرے گی۔

⑦ ہر کابینہ میں ایک بڑا **مَخْزَن** (اسٹور) بنایا جائے۔ شَرْعی اور تنظیمی رَاہ نُمائی سے تمام شہروں میں موجود ضرورت سے زائد سامان کو کابینہ کے **مَخْزَن** (اسٹور) میں رکھا جائے اور ناکارہ سامان کو تنظیمی اور شَرْعی رَاہ نُمائی لے کر فروخت کرنے کی ترکیب کی جائے۔

⑧ شَرْعی اور تنظیمی رَاہ نُمائی کے ساتھ ہر مَدَنی مَرکز میں **مَخْزَن** (اسٹور) کی ترکیب بنائی جائے اور کابینہ سَطْح پر بڑے **فیضانِ مدینہ** میں **مَخْزَن** (اسٹور) کی ترکیب بنائی جائے۔ یہ نگرانِ کابینہ اور **زونل نگران** کے مَشْوَرہ سے جگہ کا تَعَیُّن ہوگا اور **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** پاکستان سے منظوری ملنے پر **مَخْزَن** (اسٹور) بنانے کی ترکیب کی جائے۔

⑨ سامان کی دَرَجہ بندی کی جائے گی۔ یعنی نَوعِیَّت کے مُطابِق کہ فلاں فلاں اَقسام اور اس اس قَدْر مالِیَّت کا زائد سامان کہاں کہاں یعنی زون، کابینہ اور شہر کے **مَخْزَن** (اسٹور) میں رکھا جاسکتا ہے۔ یہ کام **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کرے گی۔

⑩ زون کے مُتَعَلِّقہ تمام **مَخْزَن** (اسٹور) کے نِظام کو **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کے دَفْتر سے کنٹرول (Control) کیا جائے گا اور اس کے لئے تمام زونز کو **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کی طرف سے کوڈ جاری کئے گئے ہیں۔

**زونل کوڈ** دَرْج ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| عطاری زون باب المدینہ (کوڈ AT) | رضوی زون (کوڈ RZ) | مِصْری زون باب المدینہ (کوڈ AT) |
| مَحْبُوبی زون (کوڈ MH) | بَرَکاتی زون (کوڈ BR) | حِجازی زون باب المدینہ (کوڈ HJ) |
| اَصْحابی زون (کوڈ AS) | اَمجدی زون (کوڈ AM) | قادری زون (کوڈ QA) |
| جُنیدی زون (کوڈ JN) | سَیرانی زون (کوڈ SE) | بِسطامی زون (کوڈ BS) |
| سُہرَوَرْدی زون (کوڈ SO) | فارُوقی زون (کوڈ FA) | چشتی زون (کوڈ CH) |
| غزالی زون (کوڈ GZ) | حَسَنینی زون (کوڈ HS) | ہجویری زون (کوڈ HJ) |
| صِدیقی زون (کوڈ SD) | تِرمذی زون (کوڈ TR) | مہروی زون (کوڈ MH) |
| محمدی زون (کوڈ MU) | گیلانی زون (کوڈ GI) | اِبراہیمی زون (کوڈ IB) |
| مِیلادی زون (کوڈ MY) | | |


www.dawateislami.net

**زونل ذِمّہ دار** کابینہ کوڈ جاری کرے گا جو ہندسوں میں ہوں گے مَثَلاً **ھجویری زونل ذِمّہ دار** کابینہ کوڈ اس طرح جاری کرے گا:HJ-01 to 99

⑪ جن ذِمّہ داران کی ترکیب **مَخْزَن** (اسٹور) میں بنائی جائے ان کی مَدَنی تَربِیَت ہونا بہت ضَروری ہے اور اس کام کے لئے وَقْت اور خُصُوصی تَوَجُّہ دینے والے اِسلامی بھائیوں کی ترکیب بنائی جائے۔

⑫ شہر سَطْح پر ایسے اِسلامی بھائیوں کی ترکیب بھی بنائی جاسکتی ہے جو اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے فرمان کے مُطابِق کم از کم ٢ دو گھنٹے روزانہ مَدَنی کاموں پر صَرف کرنے کا جذبہ رکھتے ہوں۔

⑬ ہر شہر (مدنی مرکز) میں **مَخْزَن** (اسٹور) کی ضَرورت کے مُطابِق لسٹ (Authorization list) بنائی جائے گی اور لسٹ بڑھوانے کے لئے **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کی تحریری اِجازت ضَروری ہے اور جو سامان لسٹ سے زائد ہو گا وہ **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کی تحریری اِجازت سے **کابینہ یا زون مَخْزَن** (اسٹور) میں مُنْتَقِل کر دیا جائے گا۔

⑭ ایک **مَخْزَن** (Store) سے دوسرے **مخزن** (Store) میں مُنْتَقِل کرنے کیلئے ووچر (Voucher) کا اِسْتِعمال ہو گا اور اس کیلئے **مَجْلِس مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** سے تحریری اِجازت نامہ لینا بھی ضَروری ہے اور سامان مُنْتَقِل کرنے پر **مجلس** کے مُتَعَلِّقہ آفس میں تفصیلات کے ساتھ اِطِّلاع دی جائے تاکہ ریکارڈ (Record) دُرُسْت رکھنے میں آسانی ہو۔

⑮ ہر **زونل سَطْح** پر ایک اجیر اسلامی بھائی جو کہ الیکٹرونکس (Electronics)، بجلی (Electric) اور پلمبنگ (Plumbing) کا کام جانتا ہو، رکھ لیا جائے تاکہ قابِلِ مَرَمَّت سامان کو کارآمد بنایا جاسکے اور ناکارہ سامان میں سے کارآمد اَشیا نکالے اور بقیہ کو اچھے ریٹ پر فَروخْت کی ترکیب بنا سکے۔

⑯ ایسا سامان جو زیرِ اِسْتِعمال نہیں ہے اور آئندہ بھی اِسْتِعمال نہیں ہو گا، اسے بیچنے یا دوسری مَد میں اِسْتِعمال کرنے سے پہلے ضرور ضرور شَرْعی و تنظیمی رَاہ نُمائی لے لی جائے۔ (شَرْعی رَاہ نُمائی لینے کا فارم آخر میں صفحہ نمبر 59 پر ملاحظہ فرمائیے)

⑰ **مَخْزَن** (اسٹور) کے اندر مَوجود سامان، اس کی نَوعِیَّت کے مُطابِق رکھا جائے تاکہ بہتر طور پر حِفَاظَت ہو سکے۔

⑱ **مَخْزَن** (اسٹور) کا ہوادار ہونا ضروری ہے ورنہ نَمی سے نُقْصان ہونے کا اندیشہ ہے، نیز بارش کا پانی ٹپکنے سے **مَخْزَن** (اسٹور) کی چھت کا مَحْفُوظ ہونا ضروری ہے۔


www.dawateislami.net

⑲ **مَخْزَن** (اسٹور) میں مَوجُود سامان کے اَعْداد و شُمار کا رجسٹر (Register)، نیز کمپیوٹر سافٹ وَیئر (Computer Software) میں اِندِراج ہونا ضَروری ہے۔ اس کیلئے سافٹ وَیئر (Software) بنوانے کی ترکیب بنائی جائے گی۔

## ذخیرہ (اسٹور) کے سامان کو رکھنے کی ترکیب اس طرح کی جائے

❀ چھوٹی اَشیا کو چھوٹی ٹوکریوں (Baskets) میں ڈال کر ریکس (Racks) میں رکھا جائے۔

❀ قیمتی اَشیا لاکرز (Lockers) میں رکھی جائیں، باقی اَشیا ریکس (Racks) میں رکھی جائیں۔

❀ وزنی اَشیا لکڑی کے پیلٹ (Wooden pallet) پر رکھی جائیں مَثَلًا کولر، فریزر، جنریٹر وغیرہ۔

❀ ایسی اَشیا جو کسی وجہ سے ناکارہ ہو چکی ہوں، ان پر کَیْفِیَّت اور نَوعِیَّت دَرج ہونی چاہئے اور ان کے لئے سکریپ یارڈ (Scrapyard) یعنی کباڑ کی الگ جگہ ہو جس میں نَوعِیَّت کے حِساب سے اَشیا رکھی جائیں۔

❀ جو اَشیا قابلِ مُرَمَّت ہوں وہ جلد از جلد مُرَمَّت کروا کے **مَخْزَن** (اسٹور) میں رکھی جائیں تاکہ بوَقْتِ ضَرورت اِسْتِعمال میں لائی جاسکیں اور جن اَشیا کی مُرَمَّت کا خَرچہ 75% یا اس سے زائد ہو تو اس کے ماہر اِسلامی بھائیوں سے مَشْوَرہ کے بعد **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** سے اِجازت لے کر ان کو ناکارہ قرار دیا جائے گا۔

⑳ نیا سامان خریدنے کی صُورت میں خَاصِیَّت (کوالٹی) اور قیمت کا خُصُوصی لِحَاظ رکھا جائے۔ کم از کم 3 مُخْتَلِف دوکانداروں سے چیز کا ریٹ (Rate) اور قیمت (Price) مَعْلُوم کرنے کے بعد فیصلہ کیا جائے، ان کی کوٹیشن (یعنی تخمینہ Quotation) لی جائے اور ان کو ریکارڈ (Record) میں رکھا جائے، جو اَشیا وارنٹی (Warranty) پر ہوں ان کا الگ سے حِساب رکھا جائے گا۔

㉑ سامان کے لین دین کے نظام کیلئے رَسید (یعنی ووچر Voucher) اِسْتِعمال کئے جائیں گے۔ رسید **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** ہی بنا کر دے گی۔

㉒ **مخزن** میں صفائی کا ہونا ضَروری ہے۔ اَشیا کی صَفائی باقاعدگی سے کی جائے۔

## فوری اقدامات

㉓ اگر کچھ مَقامات پر ٹیوب لائٹ کی پٹّی / چوک اُتری ہوئی پڑی ہوئی ہیں، اِنرجی سَیوَر (Energy Saver) کے اِسْتِعمال کی وجہ سے ان کا اِسْتِعمال نہیں ہو رہا تو ان کو **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیْضَانِ مَدِیْنَہ** کے مشورے سے فَروخت کیا جائے اور



www.dawateislami.net

جو اَشیا جن شہروں میں قابلِ مرمَّت مَوجود ہیں ان کی مَرمَّت کی ترکیب بنائی جائے۔ (مَثلاً واٹر کولر، رُوم کولر، سیلنگ فین، پیڈسٹل فین اور پانی کی موٹریں وغیرہ)

㉔ کسی بھی قسم کی ناکارہ مشینری (Useless Machinery) موٹر سائیکل، ٹرالی وغیرہ کی مَرمَّت کروائی جائے اور ان کو اِستِعمال میں لایا جائے یا **مَجلِسِ مَخْزَن برائے فَیضانِ مَدِیْنَہ** کے مشورے سے فَروخت کر دیا جائے۔

㉕ پروجیکٹر (Projector) یا اسی طرح کی دیگر اَشیا جن کا اِستِعمال دَعْوَتِ اِسلامی میں اب نہیں رہا، مَدَنی مَراکِز کے **مَخْزَن** (اسٹور) اور اس کے عِلاوہ دیگر شعبہ جات میں پڑے ہیں تو شَرْعی رَاہ نُمائی کے ساتھ ان کو سیل (Sale) کرنے کی **مَجلِسِ مَخْزَن برائے فَیضانِ مَدِیْنَہ** کے مشورے سے جلد ترکیب بنائی جائے۔

㉖ تعمیرات کا سامان مَثلاً پلر فرما (Pillar Forme)، مکسر مشین (Mixer Machine) وغیرہ کئی مَقامات پر مَوجود ہیں، جہاں تعمیرات مُکمَّل ہو چکی ہیں یا ایسے اوزار کی ضَرورت نہیں تو اسے **مَخْزَن** (اسٹور) میں مُنْتَقِل کر دیا جائے۔

㉗ شٹرنگ (Shuttering) کا سامان، بانس، پھٹے، بالے وغیرہ لینٹر (Lanter) کی مشینری (Machinery) اگر کسی مَقام پر بھی ہو تو صاف کر کے یہ سامان کابینہ کے مین (Main) **مخزن** میں مُنْتَقِل کر دیا جائے اور جہاں تعمیر ہو رہی ہو، وہاں بھیج کر اِستِعمال میں لایا جائے۔

㉘ لوہے کا سامان، مِحْرَاب فَرْما (Arch Forme) اور گرڈر (Girder) یا اس کے عِلاوہ جو چیزیں جن مَقامات پر مَوجود ہیں، ان کی صفائی کرنے کے بعد ان کو اِستِعمال شُدہ موبل آئل (Mobil Oil) لگا کر **مَخْزَن** (اسٹور) میں رکھا جائے۔

㉙ شامیانے (Tents)، تَرپال (Tarpaulin) کو اچھی طرح جھاڑ کر تہہ کر کے رکھا جائے، ان میں فینائل (Phenyl) کی گولیاں رکھی جائیں اور کبھی کبھی دُھوپ لگوائی جائے تاکہ خراب ہونے سے مَحْفُوظ رہ سکیں۔

㉚ بستر اور رَضائیاں وغیرہ بھی پیٹی میں رکھیں تو فینائل (Phenyl) کی گولیاں ڈال دیں اور دھوپ وغیرہ لگائیں۔

㉛ جن مَقامات پر برتن، دیگیں وغیرہ مَوجود ہیں مگر صاف نہیں تو اچھی طرح دھو کر کسی مَخْصُوص ریک یا پیٹی میں ترتیب سے رکھ دیں اور ان کی لسٹ (List) بنا کر باہَر چسپاں (Paste) کی جائے تاکہ اندر کا سامان باہَر سے ہی مَعْلُوم ہو سکے۔

## احتیاطی تدابیر

㉜ نازک اَشیا، ڈیکوریشن لائٹس (Decoration Lights) وغیرہ کارٹن (Carton) میں بند کر کے رکھی جائیں اور تمام



www.dawateislami.net

اَشیا پر ان کی کَیْفِیَّت کے مُطابِق ٹیگ(Tag) لگایا جائے۔

(33) ہر **مَخْزَن** (اسٹور) میں آگ بجھانے والے آلات (ریت کی بالٹی، پانی کی بالٹی بھری ہوئی، فائر سلنڈر) مَوجُود ہو اور اس کا اِستِعمال بھی ہر مُتَعَلِّقہ اسلامی بھائی جانتا ہو۔

(34) پانی کا قریب ترین ہونا ضروری ہے تاکہ آگ وغیرہ کی صُورت میں اِسْتِعمال ہوسکے۔

(35) **مَخْزَن** (اسٹور) کے اردگرد کم ازکم تین۳ فٹ جگہ خالی ہو، اس میں کسی قسم کی گھاس وغیرہ نہ ہو۔

(36) بجلی کی وائرنگ(Wiring) مَحْفُوظ(Safe) ہو اور شارٹ سرکٹ(Short Circuit) کے خطرے سے مَحْفُوظ ہو۔

(37) **مَخْزَن**(اسٹور) کے لئے **مَجْلِسِ مَخْزَن برائے فَیضانِ مَدِیْنَہ** کے مشورے سے موزوں عِمارت (Building) کی ترکیب **کابینہ سَطْح** پر بنائی جائے۔

(38) **مَخْزَن** (اسٹور) کے کمرے کا چُناؤ **مخزن اَشیا** کی تعداد کے لِحاظ سے ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## ذِمَّہ داران کے جَدْوَل

میٹھے میٹھے اِسلامی بھائیو! **اللہ** پاک اپنے اس کارخانۂ قُدْرَت میں مَوجُود ہر قسم کے نِظام کو اپنی حِکْمَت سے چلا رہا ہے اور اس نے اَشْرَفُ الْمَخْلُوقَات کا تاج ہمارے سر پر سجا کر ہمیں اس دنیا میں بھیجا ہے، لِہٰذا ہم پر لازم ہے کہ ہم اس کی عَطا کردہ حِکْمَت و دانائی سے کام لیں اور اپنے ہر قسم کے اُمُور کو سر انجام دینے کے لئے مَخْصُوص قَوَاعِد و ضَوابِط بنائیں، تاکہ ہمارا ہر کام دُرُسْت و مُنَظَّم ہو، ورنہ یاد رکھئے! دیگر مَخْلُوقَات مَثَلاً حیوانات بھی تو ہماری طرح کھاتے پیتے، سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے ہیں، ان کے بھی ہماری طرح ہاتھ پاؤں، ناک، کان اور دل و دماغ ہیں، اگر ہمارے کاموں میں بے ڈھنگا پن ہوگا تو ہم میں اور دیگر حیوانات وغیرہ میں کیا فَرْق باقی رہے گا۔ لِہٰذا ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے اَوقات کا جَدْوَل بنائیں اور پھر اس پر حَتَّی الْاِمْکَان کاربند ہوجائیں۔ چُنانْچِہ رَاہ نُمائی کے لئے نمونے کے طور پر چند ذِمَّہ داران کے جَدْوَل پیشِ خِدْمَت ہیں:



www.dawateislami.net

# امام مَسجِد کا جَدوَل

## روزانہ کا جدول

1 صُبح صادِق سے تقریباً 19 منٹ قَبْل **نمازِ تہجُّد** با جماعت ادا کرنا۔ (لہٰذا نمازِ تہجُّد سے اس قَدر پہلے خود بھی اٹھیں اور مَدَنی مَرکز میں موجود دیگر اسلامی بھائیوں کو بھی اٹھائیں، تاکہ سب نمازِ تہجُّد کا وَقت خَتم ہونے سے کم از کم 19 منٹ قَبْل وُضو وغیرہ کی ترکیب بناکر بارگاہِ خُداوندی میں حاضِری کی سَعادت پاسکیں۔)

2 طُلوعِ آفتاب سے 25 یا 30 منٹ پہلے فَجر کی جَماعَت ہو اور جَماعت فَجر سے 25 منٹ پہلے اَذانِ فَجر ہو۔

3 فَجر کی جَماعَت سے 26 منٹ قَبْل **مَسجِد فیضانِ مدینہ** کے اَطراف میں **صدائے مدینہ** کی ترکیب بنانا۔

4 فَجر کی جَماعَت کے بعد **مَدَنی حلقہ** کی ترکیب بنانا۔ (روزانہ بعدِ فَجر کنزالایمان شریف سے 3 آیات کا ترجمہ اور تفسیر صراط الجنان / خزائن العرفان / نورُ العِرفان سے دیکھ کر سنانا، مَسجِد درس، مَنظوم شجرہ شریف، اوراد و وظائف کی ترکیب اور فِکرِ مدینہ کا اجتماعی حلقہ لگانا)

5 **اِشْراق و چاشْت** کی نمازیں ادا کرنا۔

6 نمازِ ظُہر کے بعد **مَسجِد دَرْس** کی ترکیب بنانا۔

7 نمازِ عَصْر کے بعد قریبی چوک میں **چوک دَرْس** کی ترکیب بنانا۔

8 نمازِ مَغرِب اور اَوّابِین کے بعد **سُورہ مُلک کی تِلاوَت** کی ترکیب کرنا۔

9 نمازِ عشا کے بعد (علاقے یا موسم کی نَوعِیّت کے اِعْتِبار سے وَقت کی تبدیلی کی جاسکتی ہے) **مدرَسَۃُ المدینہ بالغان** کی ترکیب کرنا۔

## ہفتہ وار جَدْوَل

1 بروز بُدھ **مجلس مَدَنی قافلہ** کے دیئے گئے جَدوَل کے مُطابِق اَطرافِ مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں **مَدَنی دورے** کی ترکیب بنانا۔

2 شَبِ اتوار خارِجِ مَسجِد میں شَرْعی اِجازَت کی صُورَت میں **مَدَنی مُذاکَرَہ اجتماع** کی ترکیب بنانا۔

3 پیر شریف کو بعد عَصر دُعائے اِفْطار کی ترکیب بنانا۔

4 جمعرات کو **ہفتہ وار اجتماع** کی ترکیب بنانا۔

5 جُمُعہ میں معمولاتِ امیر اہلسنّت کی ترکیب بنانا یعنی بے شُمار فضائل و برکات کے حُصُول کے لئے یہ دُرُود شریف بعد نماز



www.dawateislami.net

جُمُعہ مدینہ مُنوَّرہ کی جانِب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے کی ترکیب بنانا: صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ الله۔ [1]

## ماہانہ جدول

1. مَجْلِس کو آگاہ کر کے مُتبادِل اَہْل اِمام کی ترکیب بنا کر تین دن کے **مَدَنی قافلے** میں سَفَر کی ترکیب بنانا۔
2. مُتبادِل اِمام کی ترکیب نہ بننے کی صُورت میں اسی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں مَدَنی قافلہ کے جدوَل کی ترکیب بنانا۔
3. اپنے ذِمّہ دار کو ہر مَدَنی ماہ کی یکم تاریخ کو مَدَنی اِنعامات کا رسالہ جَمع کروانا۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب!　　صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

# اعلانات

## طُلُوعِ آفتاب کا اعلان

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب!　　صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

عاشِقانِ رسول مُتوجِّہ ہوں: آج طُلُوعِ آفتاب کا وَقْت..........بج کر..........منٹ ہے۔ سُورج نکلنے والا ہے، اِشْراق کے نوافل اور قضا نماز سُورج نکلنے کے 20 منٹ بعد پڑھ سکتے ہیں۔ (تین بار کہیے)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب!　　صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

**نوٹ:** عیدوالے دِن یہ اعلان کیا جائے: آج طُلُوعِ آفتاب کا وَقْت..........بج کر..........منٹ ہے۔ سُورج نکلنے والا ہے۔

## اِعْلانِ اَذان

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ الله　　وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ يَا حَبِيْبَ الله

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ الله　　وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ يَا نُوْرَ الله

[1]......مدنی پنج سورہ، ص ۱۷۱



www.dawateislami.net

**عاشقانِ رسول مُتوجّہ ہوں: اللہ** پاک کی رَضا کے لئے اَذان کا اِحْتِرام کرتے ہوئے گفتگو اور کام کاج روک کر اَذان کا جواب دیجئے اور ڈھیروں نیکیاں کمایئے۔

## اعلان بعد اذان

دَعْوَتِ اِسْلامی کے **مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ** میں (فَجْر، ظہر، عَصر، مَغْرِب، عشا) کی **نَماز کا وَقْت**.......... **بج کر**.......... **منٹ** ہے۔ (یہ اِعْلان 3 بار کیجئے)

## اِعْلان بعدِ اَذانِ جُمُعہ

دَعْوَتِ اِسْلامی کے **مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ** میں جُمُعہ کا خُطْبَہ تقریباً.......... بجے شروع ہو جاتا ہے اور جُمُعہ کی نَماز.......... بجے ہوتی ہے۔

## اعلانِ اِقامت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَانُوْرَاللّٰہ

اِعْتِکاف کی نِیّت کر لیجئے، موبائل فون ہو تو بند کر دیجئے۔ حُصُولِ ثَواب کے لئے اِقامت بیٹھ کر سنئے۔ (پھر اِقامت کہئے)

## اعلان بعد اقامت

اپنی ایڑیاں، گردنیں اور کندھے ایک سیدھ میں کر کے صَف سیدھی کر لیجئے، دو آدمیوں کے بیچ میں جگہ چھوڑنا گناہ ہے، کندھے سے کندھا خوب اچھی طرح ملا کر رکھنا واجِب، صَف سیدھی رکھنا واجِب اور جب تک اگلی صَف دونوں کونوں تک پوری نہ ہو جائے جان بوجھ کر پیچھے نَماز شروع کر دینا تَرکِ واجِب ناجائز اور گناہ ہے۔ 15 سال سے چھوٹے نابالغ بچّوں کو صفوں میں کھڑا نہ رکھئے، انہیں کونے میں بھی نہ بھیجئے، چھوٹے بچّوں کی صَف سب سے آخر میں بنایئے۔

## اعلان 12 منٹ قبل از سحری

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

عاشقانِ رسول مُتَوجِّہ ہوں: سَحَرِی کا وَقت خَتم ہونے میں 12 منٹ باقی ہیں (دو بار کہئے، تیسری بار یہ اِعلان کیجئے) آج سَحَرِی کا آخری وقت...........بج کر...........منٹ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## اعلانِ ختم سحری

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

عاشقانِ رسول مُتَوجِّہ ہوں: سَحَرِی کا وَقت خَتم ہو رہا ہے، اَذان کا اِنتِظار کیے بغیر کھانا پینا بند کر دیجئے۔ کیونکہ اذان سَحَرِی کا وَقت خَتم ہونے کے بعد نَمازِ فَجر کیلئے دی جاتی ہے، اَذان کا روزہ بند کرنے سے تعلّق نہیں۔ (یہ اِعلان 3 بار کیجئے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## اعلانِ افطار

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

عاشقانِ رسول مُتَوجِّہ ہوں: اِفْطار کا وَقت ہو چکا ہے۔ روزہ اِفْطار کر لیجئے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## جماعت نفل نماز کا اعلان

صَلُّوا صَلٰوۃَ التَّھَجُّدِ یَرْحَمُنَا اللّٰہ صَلُّوا صَلٰوۃَ الْاِشْرَاقِ یَرْحَمُنَا اللّٰہ

صَلُّوا صَلٰوۃَ الضُّحٰی یَرْحَمُنَا اللّٰہ

## ربیع الاوّل کے چاند کا اعلان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



www.dawateislami.net

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللہ

**چاند رات کو ان الفاظ میں تین٣ بار اعلان کروایئے:** تمام عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو مُبارک ہو کہ **رَبیع الاوّل کا چاند** نظر آگیا ہے۔

رَبیعُ الاوّل اُمّیدوں کی دنیا ساتھ لے آیا | دُعاؤں کی قبولیّت کو ہاتھوں ہاتھ لے آیا

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللہ

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

## رمضان المبارک کے چاند کا اعلان

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللہ

**چاند رات کو ان الفاظ میں تین٣ بار اِعْلَان کروایئے:** تمام عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو مُبارک ہو کہ **رمضان المبارک کا چاند** نظر آگیا ہے۔

مَرحبا صد مَرحبا! پھر آمدِ رَمضان ہے | کِھل اٹھے مُرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے
آگیا رَمضاں عِبادت پر کمر اب باندھ لو | فیض لے لو جلد یہ دن تیس کا مہمان ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللہ

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

## عید الفطر کے چاند کا اعلان

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللہ

**چاند رات کو ان اَلفاظ میں تین٣ بار اِعْلَان کروایئے:** تمام عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو مُبارک ہو کہ **عید الفطر کا چاند** نظر آگیا ہے۔

بعدِ رَمضان عید ہوتی ہے | رَب کی رَحمت مزید ہوتی ہے



www.dawateislami.net

عید عطارؔ اُس کی ہے جس کو | خواب میں اُن کی دید ہوتی ہے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## اِنتقال کا اعلان

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَانُوْرَ اللہ

**عاشقانِ رَسول اِعلان سَماعت فرمایئے:** زید کا اَمرِ الٰہی سے اِنتِقال ہو گیا ہے، **اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ۔** مرحوم/مرحومہ کی نمازِ جنازہ (وَقت اور مقام کا نام) ادا کی جائے گی۔

**مَدَنی پھول نمبر 1:** ضرورتاً مَرحُوم یا مَرحُومہ کی وَلدِیَّت یا گھر کے کسی ایسے فرد کا نام جس کی علاقے میں شُہرت ہو یا گھر کا ایڈریس بیان کرنے میں کوئی حَرَج نہیں، مَثَلاً زید بن خالد جو کہ بکر کا بھائی ہے یا زید بن خالد جن کی رہائش گلی نمبر 1 میں ہے وغیرہ۔

**مَدَنی پھول نمبر2:** اِنتِقال کے اِعلان میں اس طرح کا اضافہ نہیں ہونا چاہیے: مَثَلاً بڑے دُکھ سے اِعلان کر رہے ہیں یا ہمیں سَخت اَفسوس ہے کہ (کیوں کہ دل میں دُکھ یا اَفسوس کی کَیفِیَّت نہ ہوئی تو جھوٹ...... اگر مَعْمُولی سا دُکھ یا اَفسوس ہوا بھی ہو تب بھی "بڑے دُکھ"...... یا "بڑا اَفسوس" کہنا...... جھوٹ ہو گا)

**توجُّہ طلب بات:** بعض اَہلِ لُغَت کے نزدیک لَفظ **فوتگی** دُرُست نہیں، "گی" وہاں لگاتے ہیں جس کے آخر میں "ہ" آئے، مَثَلاً دیوانہ سے دیوانگی، بندہ سے بندگی۔

**اِحتِیاط:** جب تک کنفرم نہ ہو، اِعلان نہ کیا جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# مدنی مَراکِز کی مَساجِد میں نمازوں کے بعد کی دُعائیں

## نمازِ فجر و عصر کے بعد کی دعائیں

نمازِ فَجر اور نمازِ عَصر کے بعد دُعائیں مانگی جائے:



www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ط رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ط رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ط رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ط رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ط **(اَلْفَاتِحَه)** اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

## نمازِ ظہر، مغرب اور عشا کے فرضوں کے فوری بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ط وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ط بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

## امام مسجد کے لئے 30 مدنی پھول

اِمامت اِسلام کی بہترین خِدمت اور رِزقِ حلال کے حُصول کا عظیم ذَرِیعہ ہے۔ مگر لاپروائی کے باعث مقتدیوں کی نمازوں کا بوجھ مَعاذَ اللہ جہنّم میں پہنچا سکتا ہے۔ لہٰذا مُمکن ہو تو عاشقانِ رسول کی عالمگیر مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی کے عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پُرانی سبزی منڈی کراچی (یا جہاں مُیَسَّر آئے) میں **اِمامت کورس** ضَرور ضَرور ضَرور کیجئے۔

1. بہارِ شریعت کے ابتدائی چار حصّے پڑھ کر سمجھ لیجئے، ضَرورتاً عُلمائے اَہلسنّت سے بھی راہ نُمائی حاصل کیجئے۔
2. نماز میں جو سورتیں اور اذکار پڑھتے ہیں وہ لازِماً کسی سُنّی قاری کو سنادیں۔
3. اگر مَعاشی پریشانی نہ ہو تو بلا اُجرت اِمامت اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کیلئے دونوں جہاں میں باعِثِ سَعادت ہے۔
4. بلا سَخت مجبوری تنخواہ بڑھانے کا مُطالبہ مُناسب نہیں، نیز زِیادہ مُشاہرے کے لالچ میں دُوسری مَسجِد میں چلا جانا ایک


www.dawateislami.net

اِمام کو کسی طرح زیب نہیں دیتا۔

5 مہربانی کر کے پیشگی تنخواہ نہ لیں بلکہ پہلی تاریخ سے قَبل بھی تنخواہ قبول نہ کریں کہ زِنْدَگی کا کیا بھروسا۔

6 سوال کرنے، قَرض مانگنے سے بچیں ورنہ اس کا نُقصان خود ہی دیکھ لیں گے۔

7 آج کل اِمام اپنے آپ کو خطیب اور مُؤَذِّن خود کو نائب اِمام کہنا کہلوانا پسند کرنے لگے ہیں! اِمامُ الاَنْبِیا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے غلام کو "اِمام" اور سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُؤَذِّن سَیِّدُنا بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے دیوانے کو "مُؤَذِّن" کہلوانے میں شَرم محسُوس نہیں کرنی چاہیے۔

8 لباسِ تقویٰ اِخْتِیار کریں۔ جھوٹ، غیبت، وَعدہ خلافی وغیرہ گناہوں سے پرہیز کرتے رہیں۔ اس سے آخِرت کے خسارے کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی یہ نُقصان ہوگا کہ لوگ آپ سے بدظن ہوں گے۔

9 زِیادہ بولنے، قہقہہ لگانے اور مذاق کرنے سے عزّت اور رُعب میں کمی آتی ہے۔ مقتدیوں سے بے تَکَلُّف بھی نہ بنیں۔

10 حُبِّ جاہ سے بچیں، شُہرت و عزّت بنانے کی خواہش آپ کیلئے باعثِ ہَلاکت ہو سکتی ہے۔

11 اِمام کا مِلنسار ہونا بے حد ضَروری ہے۔ لہٰذا نمازوں کے بعد لوگوں سے مُلاقات کریں پھر تھوڑی دیر کے لئے وہیں تشریف رکھیں مگر دنیا کی باتیں ہرگز نہ کریں صِرف دینی گفتگو وہ بھی آہستگی کے ساتھ ہو کہ نمازیوں وغیرہ کیلئے تشویش کا باعث نہ بنے۔

12 جو اِمام ملنسار نہیں ہوتا، لوگوں سے دُور دُور رہتا ہے صِرف اپنے جیسے یعنی داڑھی عمامے والوں ہی سے میل جَول رکھتا ہے تو عام لوگ بھی اس سے دُور بھاگتے ہیں اور اگر اِمامت وغیرہ کے مُعامَلے میں آڑا وقت آتا ہے تو تعاوُن حاصِل نہیں ہوتا اور پھر........

13 مُؤَذِّن صاحِب اور خُدّامِ مَسْجِد سے اللہ پاک کی رضا کے لئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ ان پر حُکم چلانے کے بجائے سَعادت سمجھتے ہوئے مَسْجِد کی صفائی اپنے ہاتھوں سے کرتے رہا کریں، دریاں خود بچھائیں، غیر ضَروری بتّی پنکھے وغیرہ خود ہی بند کر دیا کریں۔

14 وُضو خانہ وغیرہ کی صفائی میں خُدّام کا ہاتھ بٹا دیا کریں۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ محبّت بھری فضا قائم ہوگی اور ان کو مَدَنی قافلوں

میں سفر کیلئے آمادہ کرنا آپ کیلئے آسان ہو گا۔

15 اِنتظامیہ مَسجِد کے ساتھ ہرگز اُلجھاؤ پیدا نہ کریں، ان کے ساتھ حُسنِ سُلُوک سے پیش آئیں اور کوشش کر کے انہیں **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی قافلوں میں سفر کروائیں۔

16 کسی بھی سُنّی اِمام اور اِنتظامیہ سے ہرگز نہ بگاڑیں۔ ان پر تنقیدیں کر کے انہیں اپنا مُخالِف نہ بنائیں۔ اگر بِالْفَرض آپ سے کہیں کوتاہی بھی ہو جائے تو فوراً مُعافی مانگ لیں۔ہاں جس کی شَرْعی غلطی ہو حُسنِ تدبیر کے ساتھ براہِ راست اس کی اِصلاح کریں۔

17 اَطراف کی مَساجِد کے ائمّہ اہلسنّت اور اِنتظامیہ سے مَراسِم اُستُوار کریں اور انہیں **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی قافلوں میں سَفَر کا شَرَف دِلوائیں۔

18 جُمُعہ و عیدَین کی شرائط میں سے یہ بھی ہے کہ انہیں قائم کرنے والا حاکِمِ اِسلام یا اس کا ماذُون (یعنی اِجازت یافتہ) ہو۔ فی زمانہ عُلَمائے اَہلِسُنّت حاکِمِ اِسلام کے قائم مقام ہیں۔لہٰذا اپنے شہر کے سب سے بڑے سُنّی عالِم (جس کی طرف لوگ شَرْعی مَسائل میں رُجوع کرتے ہوں) سے اِجازت لے لیجئے۔ اب اِجازت یافتہ اسی مَسجِد وغیرہ میں جُمُعہ اور عِیدَین قائم کرنے کیلئے دوسرے کو اِجازت دے سکتا ہے۔ اگر پورے شہر میں کوئی ایسا عالِم نہ ہو تو عام لوگ جس کو چاہیں اپنے لئے جُمُعہ اور عِیدَین کا اِمام بنا سکتے ہیں۔ (خصوصاً نئی تعمیر کردہ مَساجِد میں اس مسئلہ کا خَیال رکھا جائے۔)

19 جُمُعہ و عِیدَین میں **فیضانِ خُطباتِ رَضَویہ** ہی پڑھیں کہ یہ **اللہ** پاک کے ولی اور عاشِقِ رسول اور مجدِّدِ اَعْظَم اِمام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن کے مُرَتَّب شُدہ کا اِخْتِصار ہیں۔

20 جُمُعہ کو عموماً نمازیوں کی اَکْثَرِیَّت خُطبہ کے وقت پہنچتی ہے۔ ایسے میں لوگوں کی نفسیات کا خَیال رکھنا ضروری ہے مَثَلاً مُقَرَّرہ وَقْت پر جماعت قائم ہونا، بیان میں دلچسپی کا سامان مُہَیّا کرنا وغیرہ۔

21 بیان آسان اور سادہ اَلْفاظ پر مُشْتَمِل ہو عوام میں اَدَق (پیچیدہ) مضامین نہ چھیڑیں بلکہ اس اُصول کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ (یعنی لوگوں کی عقلوں کے مُطابِق کلام کرو) کو مدِّنظر رکھیں۔ لوگ اولیاءُ اللہ عَلَیْہِمُ الرَّحْمَۃ کی حِکایات و کرامات عموماً دلچسپی سے سنتے ہیں اور اگر ان کو سنّتیں سکھائی جائیں تو ایک دَم قریب آجاتے ہیں۔ قبر و آخرت کی تیاری کا ذِہن



www.dawateislami.net

بھی دیں، ہر بیان کا اِخْتِتام دعوتِ اسلامی کے سنّتوں کی تَرْبِیَت کے مَدَنی قافلوں کی برکتوں اور ان میں سَفَر کی ترغیب پر ہو تو مدینہ مدینہ۔

22 بیان، خُطْبہ، دُعا اور صلوٰۃ و سلام وغیرہ کیلئے حَسْبِ ضَرورت اسپیکر منہ کی سیدھ میں پہلے ہی سے جمالیں پھر اس کو آن کریں، ورنہ اس کی کھڑ کھڑ کا انتہائی ناپسندیدہ شور مَسْجِد میں گونجے گا۔

23 عُلَمائے اَہلِسُنّت کے مابین جن مَسائل میں اِخْتِلاف پایا جاتا ہے ان کے بیان سے اِجْتِناب فرمائیں۔

24 بیان وغیرہ میں اپنے لئے عاجِزانہ اَلفاظ کہتے وَقْت دل پر غور کر لیا کریں اگر قلب عاجِزی سے خالی ہو تو اِنْکِساری کے الفاظ سے آپ خود کو جھوٹ اور ریاکاری کے گناہ سے کس طرح بچاسکیں گے؟

25 درس و بیان سے قَبْل تیاری کی عادت بنائیں۔

26 دیگر کُتُبِ دینیہ کے ساتھ ساتھ حُسّام الحرمین، اِحیاءُ العلوم، مِنْہَاجُ الْعَابِدِین، فیضانِ سُنّت جلد اوّل و دُوم وغیرہ بھی مُطالَعہ میں رکھیں۔

27 روزانہ فیضانِ سنّت کے دَرْس میں شِرْکت فرمایا کریں اور ضَرورتاً خود بھی درس دے دیا کریں۔

28 آپ کی مَسْجِد سے ہفتہ وار مَدَنی دورہ ضَرور ہونا چاہئے، اس میں آپ خود بھی شریک رہیں، پھر دیکھیں آپ کی مَسْجِد میں سنّتوں کی کیسی مَدَنی بہار آتی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

29 ہر ماہ کم از کم تین دن مَدَنی قافلے میں سَفَر کو اپنا مَعْمُول بنائیں اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی "بیٹری چارج" ہوتی رہے گی۔

30 ہر ماہ مَدَنی اِنْعامات کا رسالہ پُر کر کے ذِمّہ دار اسلامی بھائی کو جَمْع کرواتے رہیں۔ اِنْ شَآءَ اللہ تقویٰ پیدا ہو گا۔

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

## ناظم الامور فیضانِ مدینہ کا جَدْوَل

### روزانہ کا جَدْوَل

1 8 تا 9: مَدَنی مَرکَز میں حاضِر ہو کر حاضری رجسٹر پر خود اپنی حاضری لگانا، مَدَنی عملے کی حاضریاں چیک کر کے تصدیق کرنا، مَدَنی عملے کو کام دینا۔


www.dawateislami.net

❷ 9 تا 10: شکایات وتجاویز والے رجسٹر کو چیک کرنا اور ان کے حل کی تدبیر کرنا، لنگرِ رضویہ کے سامان کا جائزہ لینا کمی کی صُورت میں پورا کرنا۔

❸ 10 تا 11: مَدَنی عملے کے کام کو چیک کرنا، مُتعدّد شُعبہ جات میں حاضر ہو کر ان سے ان کی ضروریات کے بارے میں پوچھنا۔

❹ 11 تا 12: مَطْبَخ کا جائزہ لینا، لنگرِ رضویہ کے لئے برتنوں وغیرہ کی صفائی چیک کرنا، لنگرِ رضویہ کھانے کے مقام کی صفائی اور اِنْتِظام کا جائزہ لینا۔

❺ 12 تا 1: لنگرِ رضویہ کھلانے کی ترکیب بنوانا۔ ❻ 1 تا 2: نمازِ ظہر، مَدَنی دَرس اور طعام کی ترکیب بنانا۔

❼ 2 تا 3: نمازِ ظہر کے بعد مَدَنی عملے کو دوبارہ کام پہ لگانا اور خود کَفالت کے لئے شخصیات سے رابطے کرنا۔

❽ 3 تا 4: خود کَفالت کے لئے کوشش کرنا، مَدَنی عملے کے کام کا جائزہ لینا، شام کے کھانے کیلئے لنگرِ رضویہ کے سامان کا جائزہ لینا، رہ جانے والے کاموں کو رجسٹر پر تحریر کرنا، جانے سے قَبْل حاضری رجسٹر پر وَقتِ رُخصت دَرج کر کے دستخط کرنا۔

**نوٹ:** نَماز کے اوقات اور موسم کی تبدیلی کے اِعْتِبار سے رُکنِ مَجلِس فیضانِ مدینہ اور نگرانِ کابینہ کی مُشاوَرت سے ضَروری ترمیم کی جاسکتی ہے۔

**ناظمُ الاُمور کے مُتفرِّق کام:** مَسْجِد، جَامِعَةُ الْمَدِينَه، مَدْرَسَةُ الْمَدِينَه، مَدَنی مرکز کی جُملہ عِمارت کی ضَروری تعمیر و مَرَمَّت کی بَروَقت ترکیب کرنا۔ الیکٹرک کے نظام کو دیکھنا بِالْخُصُوص بجلی کے میٹروں کی ہر ماہ ریڈنگ چیک کرنا اور یوٹیلٹی بلز بروقت جَمْع کروانا (بہتر یہ ہے کہ یوٹیلٹی بلز مَجلِس مَالِیات خود ادا کرے)۔ یو پی ایس کی بیٹریوں اور جنریٹر کی دیکھ بھال کرنا۔ مَدَنی مرکز میں آنے والی شخصیات سے ایڈریس اور نمبر وغیرہ لے کر ریکارڈ بنانا۔ صفائی ستھرائی کے مُعامَلات کو دیکھنا۔ مخزن (اسٹور) کے نظام کو نافذ کروانا۔ المدینہ لائبریری کی مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ترکیب بنانا۔ مَدَنی مرکز میں آئے ہوئے مَدَنی عطیات کا ریکارڈ رکھنا اور مَجلِس مَالِیات کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق ان کو خَرْچ کرنا۔ مَدَنی مراکز میں بڑی راتوں کے اجتماعات، مَدَنی کورسز، اِعْتِکاف، اجتماعی قربانی اور قربانی کی کھالیں جَمْع کرنے کے حوالے سے مُتعلِّقہ مَجالِس سے مُعاوَنت کرنا۔ مَدَنی مشوروں اور تربیتی اجتماعات کیلئے انتظامات کرنا۔ اپنی کارکردگی اور دیگر فائلیں بنانا۔ فائلوں کو اَپ ڈیٹ رکھنا۔ موسم کے اِعْتِبار سے گیزر، ہیٹر ٹھنڈے پانی کی مشین وغیرہ کی بَروقت ترکیب چیک کرنا۔ مخزن (اسٹور



www.dawateislami.net

کے مَدَنی پھول، بچت کے مَدَنی پھول، رہائشی جَامِعَةُ الْمَدِيْنَه و مَدْرَسَةُ الْمَدِيْنَه کے مَدَنی پھول، مالِ وَقف کی احتیاطوں کے مَدَنی پھولوں کے مُطابِق تمام احتیاطی تدابیر کو ان کے مُطابِق نافِذ کرنا۔ ہفتہ وار مَدَنی مَرکَز میں موجود شعبہ جات کے ذِمّہ داران کے ساتھ مَدَنی مَشْوَرہ کرنا (بہتر ہے نگران کابینہ سے وَقت لے کر ان سے اس مَدَنی مشورے کی ترکیب بنائی جائے)۔ مَدَنی مَرکَز میں جو شُعبہ جات یا کام نہیں وہ ناظمُ الاُمور کی ذِمّہ داری بھی نہیں۔

## ہفتہ وار جدْوَل

1. بروزِ بُدھ **مَجْلِس مَدَنی قافلہ** کے دیئے گئے جدْوَل کے مُطابِق اَطراف مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ میں **مَدَنی دورے** کی ترکیب بنانا (اجارہ وَقت کے عِلاوہ)۔
2. شَبِ اتوار خارِجِ مَسْجِد میں شَرْعی اِجازَت کی صُورَت میں **مَدَنی مُذاکَرہ اجتماع** کی ترکیب بنانا۔
3. پیر شریف کو بعدِ عَصر دُعائے اِفْطار کی ترکیب بنانا۔
4. جمعرات کو **ہفتہ وار اجتماع** کی ترکیب بنانا۔

## ماہانہ جدول

1. مَنْصَب کے تَحت اپنا پیشگی و عملی جدْوَل ہر ماہ بنا کر اپنے ذِمّہ دار کو چیک کروانے کی ترکیب بنانا۔
2. مَجْلِس کی اِجازَت سے ہر ماہ تین دن کے **مَدَنی قافلے** میں سَفَر کی ترکیب بنانا۔
3. ہر ماہ اپنے ذِمّہ دار کو مَدَنی اِنْعامات کا رِسالہ اور ماہانہ کار کردگی فارم جَمْع کرانا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## زونل ذِمّہ دار کے جدْوَل کے مدنی پھول

1. شَرْعی و تنظیمی تقاضوں کے مُطابِق مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ کا نِظام چلانا ہے۔
2. تعمیر شُدہ اور زیرِ تعمیر مَدَنی مَراکِز فیضانِ مدینہ کی اِفتا مَکْتَب کی مَدَد سے شَرْعی تفتیش کرنا۔
3. اِفتا مَکْتَب سے ملنے والی شَرْعی راہ نُمائی کا اپنے زون میں نَفاذ کروانا۔
4. مَدَنی مَراکِز میں 12 مَدَنی کاموں کا نَفاذ کرانا۔



www.dawateislami.net

5 اپنے نگران کی طرف سے دیئے گئے دَرج ذیل مُختلِف کام کرنا:
✿ دفتر میں تحریری کام کرنا ✿ ائمّہ کِرام کا تقرُّر کرنا ✿ ماہانہ ائمّہ و ناظمُ الاُمُور و مَدنی عملہ اور مقامی مَجالس کا مَدنی مَشْوَرہ کرنا ✿ ترقّی و تنزّلی کا جائزہ لینا ✿ خود کَفالت کے لئے کوشش کرنا ✿ وَقْتاً فوقْتاً مَدنی مَراکز میں موجود شُعبہ جات کے ذِمّہ داران کے ساتھ مَدنی مَشْوَرہ کرنا ✿ مخزن کے نظام کا نفاذ کرنا اور اپ ڈیٹ رکھنا ✿ شخصیات سے رابطے کرنا ✿ نئے مَدنی مَراکِز کیلئے ملنے والی درخواست کے مقامات کا جائزہ بنا کر نگران مَجلِس کو پیش کرنا ✿ نقشہ جات تیّار کروانا ✿ مَوصُول مَدنی عطیات کی کارکردگی بنانا ✿ میل، ایس ایم ایس کرنا اور ریپلائی کرنا ✿ فائلیں بنانا اور ان فائلوں کو اپڈیٹ رکھنا وغیرہ ✿ مَدنی عطیات کے لئے کوشش کرنا ✿ قربانی کی کھالوں کیلئے کوشش کرنا، اس کے عِلاوہ مَنْصَب کے مُطابِق دیئے جانے کاموں کو اَحسن انداز سے پورا کرنا ✿ مَدنی عملے کی تربیّتی کے سنتوں بھرے اجتماعات کا انعقاد کرنا

## ہفتہ وار جَدْوَل

1 بروز بدھ **مجلس مَدنی قافلہ** کے دیئے گئے جَدْوَل کے مُطابِق اَطرافِ مَدنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں **مَدنی دورے** کی ترکیب بنانا۔

2 شَبِ اتوار خارجِ مَسجِد میں شَرْعی اِجازَت کی صُورَت میں **مَدنی مُذاکرہ اجتماع** کی ترکیب بنانا۔

## ماہانہ جدول

1 مَجلِس کو آگاہ کر کے تین۳ دن کے **مدنی قافلے** میں سَفَر کی ترکیب بنانا۔

2 ماہانہ مَدنی مَراکِز میں حاضِر ہو کر جائزہ بنا کر نگرانِ مجلس کو میل کرنا۔

3 ہر ماہ اپنے ذِمّہ دار کو مَدنی انعامات کا رسالہ اور ماہانہ کارکردگی فارم جمع کرانا۔

# رکنِ مجلس کے جَدْوَل کے مدنی پھول

1 پاکستان سَطْح کا مَدنی مَشْوَرہ ایک دن — شُرَکا: صُوبائی ذِمّہ داران

2 صُوبائی سَطْح کا مَدنی مَشْوَرہ ایک دن — شُرَکا: زونل ذِمّہ داران


www.dawateislami.net

3 5 زون کا مَدَنی مشورہ 5 دن شُرکا: کابینہ ذِمّہ داران

4 5 زون کے بڑے شہروں میں عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شِرکت

5 3 دن مَدَنی قافلہ 6 4 دن رُخصت

7 بَقِیَّہ دِن رُکنِ شُوریٰ کے مَدَنی مشورے کے مُطابِق ہوں۔

## نصاب برائے تقرر ذِمّہ داران وائمّہ کرام

| نَماز کے اَحکام | تجہیز و تکفین کا طریقہ | کپڑے پاک کرنے کا طریقہ |
|---|---|---|
| لُقمے کے اَحکام | حلال طریقے سے کمانے کے 50 مَدَنی پھول | نِکاح پڑھانے کا طریقہ |
| چندے کے بارے سُوال جواب | وَقف کے شرعی مَسائل | امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کَردہ اعلانات |
| اِمام کے 30 مَدَنی پھول | مَجلِس کے مَدَنی پھول و 12 مَدَنی کاموں کا تعارُف وطریقہ | قِراءت کا اِمتحان وفیضانِ خُطباتِ رضویہ |

## گریڈنگ کے لئے مطالعہ کا نصاب

| گریڈ | مُطالَعَہ |
|---|---|
| 12 | تمہیدُ الایمان، تفسیر صراطُ الجنان جلد 1، مراٰۃُ المناجیح جلد 1، بہارِ شَریعت (حِصّہ 1، 2، 3)، مِنْہاجُ العابدین، نیکی کی دَعوت |
| 13 | تفسیر صِراطُ الجِنان جلد 2، مراٰۃُ المناجیح جلد 2، بہارِ شَریعت (حِصّہ 4، 5، 6)، فتاویٰ امجدیہ کتابُ الوَقْف، کُفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، غیبت کی تباہ کاریاں |
| 14 | تفسیر صِراطُ الجِنان جلد 3، مراٰۃُ المناجیح جلد 3، بہارِ شریعت (حِصّہ 7، 8، 9)، احیاء العلوم جلد 3، فیضانِ سنّت جلد 1 |
| 15 | تفسیر صِراطُ الجِنان جلد 4، 5، مراٰۃُ المناجیح جلد 4، 5، بہارِ شریعت (حِصّہ 10، 11، 12)، شفا شریف |
| 16 | تفسیر صِراطُ الجنان جلد 6، 7، مراٰۃُ المناجیح جلد 6، بہارِ شَریعت (حِصّہ 13، 14، 15)، باطنی گناہوں کی معلومات، اسلامی زندگی |
| 17 | تفسیر صِراطُ الجنان جلد 8، مراٰۃُ المناجیح جلد 7، بہارِ شَریعت (حِصّہ 16، 17، 18)، جاءُ الحق، اِحیاءُ العُلوم جلد 1 |
| 18 | تفسیر صِراطُ الجنان جلد 9، مراٰۃُ المناجیح جلد 8، بہارِ شَریعت (حِصّہ 19، 20)، اِحیاءُ العُلوم جلد 2 |
| 19 | تفسیر صِراطُ الجنان جلد 10، سیرتِ رَسولِ عَرَبی، اِحیاءُ العُلوم جلد 4، 5 |


www.dawateislami.net

## مَدَنی مرکز (فیضانِ مدینہ) آباد کرنے کے مَدَنی پھول

① مَدَنی مرکز (فیضانِ مدینہ) سے مُتَّصِل اگر مَدْرَسَۃُ الْمَدِینَہ، جَامِعَۃُ الْمَدِینَہ (للبنین) ہے تو دُعائے مدینہ اور اِن کے تعلیمی حلقے مَسْجِد میں لگائیے۔

② ”مَجْلِس مَدَنی تربیت گاہیں“ کے مُتَعَلِّقہ رُکْنِ شُوریٰ و زونل نگران کی مُشاوَرَت و اِجازَت سے زون سَطْح پر مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں مَدَنی تربیت گاہ کی ترکیب کی جائے۔

③ مَدَنی تَرْبِیَت گاہ میں روزانہ کچھ نہ کچھ اسلامی بھائیوں کو مَدَنی تَرْبِیَت (فَرض عُلوم، سُنّتیں و آداب وغیرہ سکھانے) کیلئے ضَرور لائیں۔

④ 3 دن، 12 دن اور 1 ماہ کے مَدَنی قافلوں کا سَفَر مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ / ہفتہ وار اجتماع والی مَسْجِد / مَدَنی تَرْبِیَت گاہ سے ہونا چاہئے۔ مَدَنی تَرْبِیَت گاہ سے ان مَدَنی قافلوں کو سَمْت (رُوٹ) دی جائے۔

⑤ مَدَنی قافلوں کی واپسی بھی فیضانِ مدینہ / اجتماع والی مَسْجِد / مَدَنی تَرْبِیَت گاہ میں ہو، جہاں کارکردگی بھی لی جائے۔

⑥ مکتوبات و تعویذاتِ عطّاریہ کا بستہ بھی قائم فرمائیے، جہاں مَجْلِس مکتوبات و تعویذاتِ عطاریہ کے اِجازَت یافتہ اسلامی بھائی مَخْصُوص وَقْت میں روزانہ تعویذاتِ عطاریہ دیں۔

## مسجد میں تعویذاتِ عطاریہ کا بستہ لگانے کی چند شَرْعی احتیاطیں

❊ تعویذاتِ عطاریہ کے بستے مُسْتَقِل طور پر اس طرح بے احتیاطی کے ساتھ رکھنا کہ مَسْجِد کے تَعَطُّل اور نمازیوں کے لئے تشویش کا باعث بنیں، مَسْجِد میں رکھنا جائز نہیں۔ ❊ بستے اتنے ہلکے ہوں کہ بآسانی اُٹھا کر ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل کیا جاسکے، مسجد یا فنائے مسجد کی فرش پر گھسیٹنے کی اجازت نہیں۔ ❊ بستوں میں کاٹ اور دَم کا پانی اس انداز سے نہ رکھا جائے کہ گرنے کا اندیشہ ہو۔ پانی گرنے سے مسجد کی صفیں وغیرہ بھیگنے یا نمازیوں کے پھسلنے کی صُورت ہو سکتی ہے۔ ❊ بینر لگانے یا لٹکانے کیلئے مَسْجِد یا فنائے مَسْجِد کی دِیوار میں کِیل گاڑنے کی اِجازَت نہیں۔ ❊ مَسْجِد کی صفیں، قالین، دریاں و چٹائیاں وغیرہ خُصُوصی طور پر تعویذات لینے والوں کے لئے بچھانے کی اِجازَت نہیں۔ ❊ اَذان ہوتے ہی تعویذات کا سلسلہ مَوْقُوف کرکے تمام سامان وہاں سے ہٹا دیا جائے۔ ❊ کاٹ یا دَم کرانے کے لئے مَسْجِد کا پانی اِسْتِعمال کرنے کی اِجازَت نہیں۔



www.dawateislami.net

❋مَسْجِد کے آداب کے پیشِ نظر اَنْسَب اور محتاط طریقہ یہ ہے کہ یہ بستے مَسْجِد یا خارجِ مَسْجِد میں لگائے جائیں۔

⑦ ہفتہ وار اجتماع میں شِرْکَت مع رات اِعْتِکاف، اِشْراق و چاشت والے مَدَنی انعام یعنی اوّل تا آخر شِرْکَت کو یقینی بنائیں، اس سے بھی مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ آباد ہو گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔ اراکینِ شوریٰ، زونل و کابینہ ذِمّہ داران اگر رات اِعْتِکاف کریں تو مدینہ مدینہ۔ (یاد رہے! کہ رات اِعْتِکاف کا جَدْوَل مَجْلِس مَدَنی اِنْعامات کے مُطابِق ہو گا اور جدول چلانے کے ذِمّہ دار بھی مجلس مَدَنی اِنْعامات کے ذِمّہ دار ہی ہوں گے)

⑧ کابینہ/ زون کے مُخْتَلِف مقامات پر مُخْتَلِف مَدَنی کورسز (مَثَلاً 12 مدنی کام کورس، اِصلاحِ اَعمال کورس، فیضانِ نماز کورس وغیرہ) ہونے کے ساتھ ساتھ مَدَنی مَرکَز (فیضانِ مدینہ) میں بھی وقتاً فوقتاً مدنی کورسز کا سلسلہ جاری رہنا چاہئے۔ (یاد رہے! کوئی بھی کورس ہو، "مجلس مَدَنی کورسز" کی اِجازت سے ہی کیا جائے)

⑨ پورا ماہِ رَمَضانُ الْمُبارَک یا آخری عشرے کے اجتماعی سُنَّت اِعْتِکاف کی بھی ترکیب کی جائے۔ (اِعْتِکاف کے اِنتظامات، مُعتکفین کی تعداد کے لِحاظ سے پورے ہونے چاہئیں)

⑩ کابینہ/ زونل سَطْح پر ہونے والے تربیتی اجتماعات کی ترکیب بھی مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ میں کی جائے۔ (یاد رہے! مَجْلِس فیضانِ مدینہ/ مجلس لنگرِ رضویہ کو اس کی پیشگی اِطّلاع کی جائے تاکہ لنگرِ رضویہ وغیرہ انتظامات کی ترکیب بہتر انداز سے ہو سکے)

⑪ زونل نگران و نگرانِ کابینہ، نگرانِ ڈویژن مُشاوَرت اور شعبہ جات کی مَجالس کے نگران ہر منگل مَدَنی مَرکَز میں رہ کر اسلامی بھائیوں کے مسائل حل فرمائیں/ تحریری کام کریں (مَثَلاً پچھلے ہفتے کے جَدْوَل کا جائزہ، آئندہ ہفتے کے جَدْوَل کی اِطّلاع و یاد دہانی، کارکردگی کا جائزہ وغیرہ)

⑫ مُخْتَلِف (دینی و دُنیوی) شخصیات وغیرہ کی مُلاقات کی ترکیب بھی حَتَّی الْاِمْکان فیضانِ مدینہ میں ہی رکھئے۔ وقتاً فوقتاً عُلمائے اہلسنّت و مَشائخِ عُظّام، شخصیات وغیرہ کو مَدَنی مَرکَز **فیضانِ مدینہ کا وِزٹ** (Visit) بھی کروائیں، بِالْخُصُوص جہاں مَدَنی مَرکَز (فیضانِ مدینہ) سے مُتَّصِل مُخْتَلِف شُعْبہ جات کے دفاتر (مَثَلاً جامِعَۃُ الْمَدِینَہ، مَدْرَسَۃُ الْمَدِینَہ، اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ، مَدْرَسَۃُ الْمَدِینَہ آن لائن) وغیرہ ہوں، یہاں ہونے والے مُخْتَلِف مَدَنی کاموں کا تعارُف بھی کروایا جائے تو مدینہ مدینہ........


www.dawateislami.net

⑬ مُختلِف شعبہ جات کے تربیتی اجتماعات و مَدَنی مشورے بھی حَتَّی الْاِمْکان فیضانِ مدینہ میں ہی رکھئے۔

⑭ ہر مَدَنی مَرکَز (فیضانِ مدینہ) میں کم از کم ایک **مَدَنی قافلہ / مَدَنی کورس** ہر وَقْت جاری رہنا چاہئے۔

⑮ حالات کے پیشِ نَظَر مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں **حفاظتی اُمور** کے انتظامات مَضْبُوط ہونے چاہئیں، بِالْخُصُوص ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں وقتِ مُناسب تک پولیس سکیورٹی کا بھی اِنْتِظام کیجئے۔

⑯ پانچوں نمازوں میں فیضانِ سُنّت یا شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دیگر کُتُب و رسائل سے حَسْبِ مَوْقَع مَدَنی درس کروائیے۔ (جن کُتُب و رسائل سے درس کی ترکیب ہوتی ہے)

⑰ مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں "**مَدَنی دورہ**" روزانہ ہو تو مدینہ مدینہ!!! ورنہ ہفتے میں کم از کم ایک دن اور بِالْخُصُوص ہفتہ وار اجتماع سے قَبْل قریبی علاقے میں مَدَنی دورہ کی ترکیب کی جائے۔

⑱ **مَدَنی دورہ** ہونے کی صُورت میں نمازِ مَغْرِب کے فرضوں کے بعد مَدَنی مَرکز کے دیئے گئے طریقہ کار کے مُطابِق سُنّتوں بھرے بیان کا اعلان اور پھر بیان کی ترکیب ہو۔

⑲ **مدرسۃُ المدینہ بالغان** کی روزانہ ترکیب ہونی چاہئے، (دورانیہ 63 منٹ) جس میں فکرِ مدینہ نماز کے اَحْکام، مَدَنی درس، فَرْض عُلُوم، دُعا اور فکرِ مدینہ کی ترکیب کی جائے۔ سُورۃُ المُلْک کی تلاوت اور نمازِ توبہ بھی پڑھائیے۔ اس کا پینا فلیکس بھی مین داخلی دروازے پر آویزاں کیجئے۔

⑳ اَذان و اِقامت و خُطبہ جُمُعہ میں شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ مَدَنی پھولوں کے (جو کہ "نماز کے اَحْکام" میں موجود ہیں) کی ترکیب بنائیے۔

㉑ اَذان کے بعد **نمازِ باجماعت کے وَقْت کا اعلان 3 بار** کیجئے، مَثَلًا دعوتِ اِسلامی کے مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں ظُہر کی **جماعت کا وَقْت 1:30** بجے ہے۔ نمازِ جُمُعہ سے قبل **مَدَنی دورہ** اور پھر نمازِ جُمُعہ کے بعد **مدنی حلقے** کی ترکیب کی جائے۔

㉒ نمازِ جُمُعہ کا بیان، شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کُتُب و رسائل / **ہفتہ وار اجتماع کیلئے اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ کے تیار شُدہ بیان** سے کیجئے۔



www.dawateislami.net

(23) نمازِ جُمعہ، عیدُالفِطر و عیدُالاَضحیٰ کا خُطبہ "**فیضانِ خُطباتِ رضویہ**" سے پڑھا جائے کہ یِہی شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا طریقہ مبارک ہے۔

(24) مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کے قریب مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ / یاکسی پرائیویٹ بستے کی ترکیب بھی ہونی چاہئے، تاکہ مختلف اوقات میں آنے والے عاشقانِ رسول مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ کی مَطبُوعہ کُتُب و رسائل بھی خرید سکیں۔

(25) نمازِ جُمعہ میں تقسیمِ رسائل کی ترکیب کیجئے۔

(26) ہفتے میں کم از کم ایک مَخْصُوص دن ہفتہ وار مَدَنی حلقہ اجتماع کیجئے۔ (یاد رہے! کہ مَسْجِد و فنائے مَسْجِد میں ویڈیو دیکھنے کی دارُالاِفتاءاہلسنت کی طرف سے اِجازت نہیں)

(27) نمازِ عشا کے بعد روزانہ سُوْرَۃ مُلْك کی تِلاوت کا اِہتمام کیجئے۔

(28) بعدِ فجر مَدَنی حلقہ لگایا جائے، جس میں کم از کم 3 آیات کی تِلاوت، ترجمۂ کنزالایمان مع تفسیر خزائن العرفان / نورُالعِرفان / صراط الجنان کی ترکیب کی جائے نیز ترتیب وار 4 صفحات فیضانِ سُنّت سے، پھر مَنْظُوم شَجرہ قادِریہ رضویہ عطّاریہ اور اِشراق وچاشت پر مَدَنی حلقے کا اِخْتِتام ہو۔

(29) مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں ہونے والے **ہفتہ وار اجتماع کے انتظامی مُعاملات** کیلئے ایک مَجْلِس بنائی جائے، جو وُضو و اِسْتِنجا خانے، پارکنگ، لائٹنگ، ساؤنڈ اور نمازوں کے اوقات کار وغیرہ پر نظر رکھے اور پیشگی چیک کرے۔

(30) ہفتہ وار اجتماع میں مَدَنی انعامات و مَدَنی قافِلہ اور شُعبہ جات کے بستوں کی ترکیب کیجئے۔ (یاد رہے! بستوں کی ترکیب شَرْعی راہ نُمائی کے ساتھ کی جائے)

(31) **مجلس المدینہ لائبریری** کے طے شُدہ مَدَنی پھولوں کے مطابق مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں "**المدینہ لائبریری**" کی بھی ترکیب کی جائے، جس میں مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ کی کُتُب و رسائل کے مُطَالَعَہ اور آڈیو / ویڈیو (Audio and Video) بیانات و مَدَنی مذاکرے سُننے، دیکھنے کی سُہُولت دی جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد



www.dawateislami.net

# ”اے ربِّ علیم! مجھے ذوقِ مُطالَعہ عطا فرما“ کے اٹھائیس حُرُوف کی نِسبَت سے مجلس المدینہ لائبریری کے 28 مدنی پھول

فرامینِ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ: ❁ میرے غریب اسلامی بھائی مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَه کی کُتُب خرید نہیں پاتے، اس لئے ان کیلئے ”المدینہ لائبریری“ کا قیام عَمَل میں لایا جائے تاکہ وہ بھی مُطالَعہ کرسکیں۔ ❁ المدینہ لائبریری میں کمپیوٹر بھی رکھے جائیں، جن کے ذَرِیعے اسلامی بھائی مَدَنی مذاکرے یا وِیڈیو بیانات بھی سن سکیں۔ ❁ میری خواہش ہے کہ دَعوتِ اِسلامی کے ہر مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری ہو۔[1]

1. فرمانِ مُصطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عَمَل سے بہتر ہے۔[2] اس لئے مَجلس المدینہ لائبریری کا ہر ذِمّہ دار اَمیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ 72 مَدَنی انعامات میں سے ”مَدَنی انعام نمبر 1“ پر عَمَل کرتے ہوئے یہ نِیَّت کرتا ہے کہ میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خوشنودی کے لئے دَعْوَتِ اِسْلَامی کے شعبے المدینہ لائبریری کا مَدَنی کام، مَدَنی مَرکَز کے طَرِیْقِ کار کے مُطابِق کرتا رہوں گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

2. عِلْمِ دین حاصِل کرنے کا ایک اہم ذَرِیْعہ اِسْلامی کُتُب کا مُطالَعہ اور مُبلِّغِین کے بیانات سننا اور دیکھنا بھی ہے۔ اس لئے المدینہ لائبریری کا قِیام عَمَل میں لایا گیا ہے۔ جس میں مُطالَعہ کیلئے خوشگوار ماحول اور آڈیو (Audio)، ویڈیو (Video) مَدَنی مذاکرے بیانات اور مَدَنی چینل کے مُخْتَلِف سلسلے (Programs) دیکھنے، سننے کے لئے کمپیوٹر وغیرہ کا اِنتِظام بھی کیا جاتا ہے۔ نیز اَہْلِ ذوق اِسْلامی بھائیوں کو موبائل وغیرہ میں مَدَنی مواد (Madani Data) بھی فراہم کرنے کا سلسلہ ہوتا ہے۔

3. المدینہ لائبریری مَجلِس فیضانِ مدینہ کا ماتَحت شُعْبہ ہے۔ المدینہ لائبریری ذِمّہ دار پر نگران، نگرانِ مَجلِس فیضانِ مدینہ ہوں گے۔ (جس فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری ہوگی، اس المدینہ لائبریری ذِمّہ دار پر اُسی فیضانِ مدینہ کا ناظمُ الْاُمُور نگران ہوگا۔)

4. المدینہ لائبریری کے قِیام کے لئے شَرْعی راہ نُمائی اور تنظیمی اِجازت لینا ضَروری ہے۔

---

[1] ...... مَدَنی مذاکرہ، ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ، بمطابق 16 مئی 2015ء

[2] ...... معجم کبیر، ۳/ ۵۲۵، حدیث: ۵۸۰۹



www.dawateislami.net


5 المدینہ لائبریری کے لئے ایسی جگہ کا اِنتِخاب کیا جائے جس میں ہر عام و خاص کو رسائی آسان ہو۔


6 **المدینہ لائبریری بنانے کا طریقہ:** جس مَدَنی مرکز میں المدینہ لائبریری کا قِیام کرنا ہو اس کی جگہ کے حوالے سے مُتعلِّقہ نگرانِ کابینہ / زونل نگران سے تحریری اِجازَت لی جائے اس کے بعد رُکنِ مَجْلِس (صُوبائی ذِمّہ دار) فیضانِ مدینہ کے ذَرِیعے اِفْتامَکْتَب سے شَرْعی رَاہ نُمائی لی جائے گی، شَرْعی رَاہ نُمائی ملنے کی صُورت میں مَجلِس المدینہ لائبریری کے طے شدہ مَدَنی پھولوں کے مُطابِق المدینہ لائبریری کی ترکیب بنائی جائے۔

7 **المدینہ لائبریری کے 4 ذیلی شُعبہ جات ہیں:** ❀ شعبہ کُتُب و رسائل اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ❀ شعبہ کُتُب و رسائل اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ ❀ شعبہ کُتُب و رسائل عُلَمائے اہلسنّت کَثَّرَھُمُ اللہُ تَعَالٰی ❀ شُعبہ مَدَنی مواد (ملٹی میڈیا، پی ڈی ایف کُتُب، آڈیو، ویڈیو مدنی مذاکرے، بیانات، نعتیں، مَدَنی چینل کے سلسلے المدینہ لائبریری ناظم کے کمپیوٹر میں رکھے جائیں گے۔)

8 المدینہ لائبریری کے لئے کُتُب و رسائل اور ملٹی میڈیا مواد (Multimedia Data) کی فہرست مَجلِس المدینہ لائبریری تیّار کرے گی جس کو مَجلِس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ سے پاس کروانا ضَروری ہے۔ بغیر پاس کروائے المدینہ لائبریری میں کوئی بھی مواد رکھنے کی اِجازَت نہیں۔ نیز المدینہ لائبریری کے لئے کتابیں یا کمپیوٹر وغیرہ لیتے وقت اس بات کی اِجازَت لے لیجئے کہ یہ اَشیاء دعوتِ اسلامی کے دیگر شُعبہ جات میں بھی اِسْتِعمال کی جاسکتی ہیں۔

9 المدینہ لائبریری کا ایک ماڈل نقشہ بنالیا جائے، اس کی ضَروریات کو بھی مَدَنی پھولوں کی صُورت میں مُرتَّب کرلیا جائے تاکہ مُلک بھر میں ممکنہ صُورت میں ایک جیسا مُنَظَّم نظام بنایا جاسکے۔





10 المدینہ لائبریری کے لئے ناظم المدینہ لائبریری کا تقرُّر کیا جائے، بہتر ہے کہ یہ مَدَنی اِسْلامی بھائی ہو۔

11 مَجلِس المدینہ لائبریری کے وہ ذِمّہ داران جو مالِ وَقف کے امین ہیں، انہیں چاہیئے کہ اپنی ذِمّہ داری کا اِحساس کرتے ہوئے شَرْعی تقاضوں کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ


www.dawateislami.net

رٰعُوۡنَ ۙ﴿۸﴾ ترجمۂ کنزالایمان: اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرتے ہیں۔ (پ۱۸، المؤمنون: ۸) صدر الافاضل حضرتِ علامہ مولانا سیّد محمد نعیمُ الدّین مُراد آبادی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: خواہ وہ امانتیں اللہ (پاک) کی ہوں یا خَلْق کی اور اسی طرح عہد، خدا کے ساتھ ہوں یا مخلوق کے ساتھ، سب کی وفا لازِم ہے۔

⓬ مَجلِس المدینہ لائبریری کے تمام ذِمّہ دار اِسلامی بھائی اپنے تحت کام کرنے والے اَجیر اِسلامی بھائیوں کی وقتاً فوقتاً اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے رسالے "حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول" کے مُطابِق مَدَنی تربیت فرماتے رہیں، نیز انہیں مَدَنی مرکز کی طرف سے دیے گئے جَدْوَل پر عَمَل کرنے کا پابند کریں۔ جو اَجیر (اُجرت پر کام کرنے والا) اپنا کام مکمل نہیں کرتا یا سُستی، کاہلی کی وجہ سے کوتاہی کرتا ہے تو جس قدر کام میں کوتاہی کی اُتنی اُجرت لینے کا مُستحِق نہیں، اس پر لازِم ہے کہ اتنی رقم کی کٹوتی کروائے۔ اگر کام میں سُستی کرنے کے باوُجود پوری اُجرت لیتا رہا تو توبہ کے ساتھ ساتھ اتنی رقم لوٹانا بھی لازِم ہو گا لوٹائے بغیر بَرِیُّ الذِّمّہ نہ ہو گا۔[1] اعلیٰ حضرت، مجدّدِ دین وملت، مولانا شاہ امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: کام کی 3 حالتیں ہیں: ① سُست ② مُعتَدِل ③ نہایت تیز، اگر مزدوری میں سُستی کے ساتھ کام کرتا ہے، گنہگار ہے اور اس پر پوری مزدوری لینی حَرام ہے، اتنے کام (یعنی جتنا اس نے کیا) کے لائق جتنی اُجرت ہے لے، اُس سے جو کچھ زِیادہ ملا مُستاجِر (جس کے ساتھ اِجارہ کا مُعاہدہ کیا) کو واپس دے۔[2]

⓭ المدینہ لائبریری کو آباد کرنے کے لئے مُختلِف شُعبہ جات سے وَابَستہ افراد کو دَعْوت دی جائے۔ بِالْخُصُوص دِینی و دُنیاوِی تعلیم سے وَابَستہ لوگ، پروفیسرز، کالج، یونیورسٹی اور اسکول کے اسٹوڈنٹس نیز دفاتر سے تعلّق رکھنے والوں اور اَہلِ علاقہ کو مَدعُو کیجئے۔ یونہی مَدَنی مرکز میں آنے والی اہم شخصیات کو المدینہ لائبریری کا وزٹ کروایئے اور اس سے علمی فائدہ حاصل کرنے اور مربُوط رہنے کی دَعْوت بھی دیجئے۔

⓮ المدینہ لائبریری کی تشہیر کے لئے مُختلِف تدابیر کیجئے، زونل نگران سے ترکیب بنا کر وقتاً فوقتاً ہفتہ وار اجتماع میں اِعلان کروایئے۔ سوشل میڈیا پر بھی تشہیر ہو اور مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ کے باہر نمایاں بورڈ کی بھی ترکیب بنائی جائے۔

---

[1] ...... حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول، ص ۵ ملخصاً

[2] ...... فتاوی رضویہ، ۱۹/ ۴۰۷



www.dawateislami.net

15 مُطالَعہ کیلئے آنے والے اِسلَامی بھائیوں کو ناظِم المدینہ لائبریری ویڈیو بیانات موبائل وغیرہ میں حاصِل کرنے کی بھی ترغیب دلائے۔

16 المدینہ لائبریری میں کسی نُمایاں جگہ پر المدینہ لائبریری کے آداب پر مُشتَمِل مَدَنی پھول آویزاں کئے جائیں (یہ مَدَنی پھول مَجلِس المدینہ لائبریری پیش کرے گی)

17 المدینہ لائبریری کھلنے کا دورانیہ دن 2 بجے سے رات 10 بجے تک 8 گھنٹوں پر مُشتَمِل ہو گا۔ نگرانِ مَجلِس کی اِجازت کے بغیر وَقت میں کسی قسم کی تبدیلی نہ کی جائے۔

18 المدینہ لائبریری کی طے شُدہ شرائط کے مُطابِق کتاب یا رسالہ گھر وغیرہ پر لے جانے کی بھی اِجازت ہے ان شرائط کے عِلاوہ کسی بھی اسلامی بھائی کو کتاب یا رِسالہ المدینہ لائبریری سے باہَر لے جانے کی اِجازت نہیں۔

19 المدینہ لائبریری کو ماہانہ آمدن سے خود کفیل کیا جائے نیز کُتُب و رسائل خریدنے کی بھی خود کَفالت کے ذَرِیعے کوشش کی جائے۔

20 مَدَنی عطیات مَجلِس مالیات کو جمع کروائیں، طے شُدہ اخراجات مَجلِس مالیات سے گوشوارہ دے کر حاصِل کیجئے، کسی کو بھی اپنے طور پر مَدَنی عطیات جَمع کر کے خَرچ کرنے کی اِجازت نہیں۔

## ذِمّہ دار اسلامی بھائیوں کی تقرری کی ترکیب

| # | ذِمّہ دار | سَطح | # | ذِمّہ دار | سَطح |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ناظِم المدینہ لائبریری | المدینہ لائبریری | 5 | المدینہ لائبریری ذِمّہ دار | مُلکی سَطح ذیلی شعبہ |
| 2 | ناظِمُ الْاُمُور | فیضانِ مدینہ | 6 | نگرانِ مجلس فیضانِ مدینہ | مُلک |
| 3 | زونل رُکن فیضانِ مدینہ | زون | 7 | رُکنِ شوریٰ | مرکزی مجلسِ شوریٰ |
| 4 | صُوبائی ذِمّہ دار فیضانِ مدینہ | صُوبائی سَطح | | | |

❀ناظِم المدینہ لائبریری، ناظِمُ الْاُمُور فیضانِ مدینہ کے ماتحت ہوں گے۔ ❀اس پر رُکنِ زون اور صُوبائی ذِمّہ دار (رُکنِ مجلس) مَجلِس فیضانِ مدینہ ❀مُلکی سَطح پر المدینہ لائبریری کے ایک ذِمّہ دار ہوں گے جو مَجلِس فیضانِ مدینہ کے ذیلی شعبہ ذِمّہ دار کی حَیثِیَّت سے رُکن مَجلِس فیضانِ مدینہ ہوں گے۔ (بیرونِ ملک والے ذِمّہ داران، مُتَعَلِّقہ رُکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذِمّہ دار نہ بنائیں)

✿یاد رہے! کسی بھی سَطح کے اراکین و نگران کی تقرّری کے لئے مُتعلِّقہ سَطح کے نگران کی اِجازت ضَروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ہر مَجْلِس میں مَدَنی اِسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں۔)

## 21 مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سَطح | شرکا | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | ناظِمُ الْاُمُور فیضانِ مدینہ | فیضانِ مدینہ | ناظم المدینہ لائبریری | انفرادی، تعلیمی، تنظیمی کارکردگی، خودکفالت، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اَہداف وغیرہ |
| 1 | 2 | رُکنِ زون فیضانِ مدینہ | زون | ناظمین المدینہ لائبریری | / |

**وضاحت:** رُکنِ شوریٰ / نگرانِ مَجْلِس (نگرانِ مجلس فیضانِ مدینہ)، مَجْلِس فیضانِ مدینہ کا مَدَنی مشورہ ہر ماہ کریں گے اس میں المدینہ لائبریری ذِمّہ دار کی شِرْکت ہوگی۔✿ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:** المدینہ لائبریری: 1 / زون: 6 / مُلک: 7

22 مَدَنی مشوروں کی کثْرَت سے بچنے کے لئے مُقرّر کردہ سَطح کے عِلاوہ کسی اور سَطح کا مَدَنی مشورہ لینے کے لئے مُتعلِّقہ نگران سے اِجازت ضَروری ہے۔ جب بڑی سَطح کے ذِمّہ دار دیگر سَطح کے ذِمّہ داران کا مَدَنی مَشْوَرہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مَدَنی مَشْوَرہ نہیں ہوگا۔

23 پاکستان / بیرونِ مُلک سَطح کے ذِمّہ دار ہر عیسوی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ دفتر / دفتر مَجلِس بیرونِ مُلک اور مُتعلِّقہ رُکنِ شوریٰ کو میل کردیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مُقرّرہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں۔)

24 ذِمّہ دار اِسلامی بھائی ہر ماہ کا پیشگی جَدْوَل عیسوی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ مُشاوَرت / نگرانِ مَجلِس) سے مَنْظور کروائے، پھر اس کے مُطابِق پیشگی اِطّلاع کے ساتھ اپنے جَدْوَل پر عَمَل کرے اور مہینا مُکمَّل ہونے کے بعد عیسوی ماہ کی 3 تاریخ تک کارکردگی جَدْوَل اپنے نگرانِ مَجلِس کو پیش کرے۔

25 ہر سَطح کا ذِمّہ دار اپنے نگران سے رابطے میں رہے تو شُعبے کے مَدَنی کام میں تیزی کے ساتھ ترقی ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

26 مُتعلِّقہ رُکنِ شوریٰ اور نگرانِ مَجلِس فیضانِ مدینہ کی اِجازت سے وقتاً فوقتاً اپنے شُعبے کے سنتوں بھرے اجتماع کی

ترکیب کرتے رہیں تاکہ ذِمّہ داران کی مَدَنی تَرْبِیَت کاسامان ہوتا رہے۔

27 یاد رہے کہ مُتَعَلِّقہ رُکْنِ شوریٰ / نگرانِ مَجْلِس بیرونِ مُلک ضَرورتاً ان مَدَنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

28 اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے فَرْض عُلُوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہئے۔ اس کے لئے کُتُبِ اَمیرِ اہلسنّت، بہارِ شَرِیعَت، فتاویٰ رضویہ، اِحیاءُ العُلوم وغیرہ کے مُطالَعہ کی عادت بنائیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# مَدَنی مَراکِزِ فیضانِ مدینہ سے مُتَعَلِّق مَدَنی مذاکروں سے منتخب مدنی پھول

❁ دنیا بھر کے ذِمّہ داروں سے ہاتھ جوڑ کر میری التجا ہے کہ فیضانِ مدینہ کو آباد کریں۔ [1]

❁ فیضانِ مدینہ جہاں بھی بنائیں پہلے یہ طے کریں کہ ہم نے اس کو آباد کرنا ہے۔ [2]

❁ عالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ بابُ الْمدینہ (کراچی) کو آباد کرنے کے لئے میں نے فیضانِ مدینہ کے قریب گھر لیا اور ہر نَماز باجَماعَت یہاں آکر ادا کرتا تھا۔ [3]

❁ میں نے فیضانِ مدینہ میں ساری ساری راتیں گزاری ہیں۔ [4]

❁ میری خواہش ہے کہ دَعْوتِ اسلامی کے ہر مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ میں "المدینہ لائبریری" ہو، لیکن کسی بھی مَدَنی مَرکَز میں المدینہ لائبریری قائم کرنے کے لئے مرکزی مَجْلِسِ شُوریٰ کی اِجازت ضَروری ہے۔ [5]

❁ ہمیں جب بھی کوئی ڈھونڈے تو اس کے ذہن میں یہی ہو کہ یہ فیضانِ مدینہ یا فُلاں مَسْجِد میں مل جائے گا۔ [6]

---

[1]...... مدنی مذاکرہ، ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ بمطابق 5 اگست 2014ء

[2]...... مدنی مذاکرہ، ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ بمطابق 5 اگست 2014ء

[3]...... مدنی مذاکرہ، ۵ رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ بمطابق 22 جون 2015ء

[4]...... مدنی مذاکرہ، ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ بمطابق 5 اگست 2014ء

[5]...... مدنی مذاکرہ، ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ بمطابق 16 مئی 2015ء

[6]...... مدنی مذاکرہ، ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ بمطابق 5 اگست 2014ء



www.dawateislami.net

۞ جو پورے ماہِ رمضان کا اِعتِکاف عالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں کرتے ہیں، وہ میرے "مَدَنی بیٹے" ہیں۔ ①

۞ ہر نمازی کو چاہئے کہ وہ بے نمازیوں کو دَعوت دیتا رہے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے نمازیوں کی تعداد بڑھے گی اور ہماری مسجدیں آباد ہوں گی۔ ②

۞ مَساجِد نماز پڑھنے سے آباد ہوں گی، خود بھی باجماعت نماز کی پابندی کیجئے اور مَسْجِد جاتے ہوئے کم از کم ایک پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے اپنے ساتھ لے جانے کی ترکیب بنایا کریں۔

۞ اگر مَدَنی مَرکز کے دیئے ہوئے طَرِیْقِ کار کے مُطابِق درس کی ترکیب کی جائے تو مسجدیں آباد ہو جائیں اور 12 مَدَنی کاموں کی ریل پیل ہو جائے۔ ③

۞ عَالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ، باب المدینہ (کراچی) "علم کا عظیم مرکز" ہے۔ ④

۞ غصّے کے عِلاج کا اسپتال فیضانِ مدینہ ہے۔ ⑤

۞ نَماز کے بعد حَمد و صلوٰۃ کے بعد 3 مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللہ اور ایک مرتبہ یہ دُعا: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ، تَبَارَکْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام پڑھیں۔ اس کے بعد دُرود و سلام پر دُعا خَتْم کر دیں۔ عالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں یہ طریقہ رائج ہے۔ تمام ائمہّ مَساجِد اسی طرح دعا کریں تو مدینہ مدینہ۔ ⑥

۞ ہفتہ وار اجتماع میں ذیلی مُشاوَرت سے اراکینِ شُوریٰ تک اِشراق وچاشت پہلی صف میں پڑھنے کی کوشش کریں۔ رات اعتکاف کریں اور فیضانِ مدینہ کے کسی دفتر (Office) میں سونے کے بجائے مَسْجِد و فنائے مَسْجِد میں سونے کی ترکیب کریں۔

۞ اے کاش! زیرِ تعمیر مَدَنی مَراکِز فیضانِ مدینہ اور جن پر گنبد نہیں بنا ہوا، اُن سب میں مَدَنی گنبد (3 کلر والا) بن جائیں۔

---

۱ ......مدنی مذاکرہ، ۷ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ بمطابق 6 فروری 2015ء

۲ ......مدنی مذاکرہ، ۴ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ بمطابق 18 اکتوبر 2015ء

۳ ......مدنی مذاکرہ، ۶ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ بمطابق 28 دسمبر 2014ء

۴ ......مدنی مذاکرہ، ۳ رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ بمطابق 21 جون 2015ء

۵ ......مدنی مذاکرہ، ۲۶ رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ بمطابق 13 جولائی 2015ء

۶ ......مدنی مذاکرہ، ۲۸ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ بمطابق 13 اگست 2015ء



www.dawateislami.net

✿ جن فیضانِ مدینہ میں پہلے سے گنبد بنے ہوئے ہیں، شَرعی راہ نُمائی سے ان پر جب رنگ روغن کیا جائے تو مَدَنی گنبد کے ڈیزائن کی ترکیب بنائی جائے۔

✿ مسجد کی دریوں کے اَحکام کا مدنی گلدستہ تیار کرکے مجلس فیضانِ مدینہ کو دیا جائے اور مجلس فیضانِ مدینہ اپنے اَراکین اور فیضانِ مدینہ کے خدّام وغیرہ کے ساتھ اسے غور سے دیکھیں اوراس کے مطابق عمل کی کوشش کریں۔

✿ دعوتِ اسلامی، اس کا مدنی ماحول اور فیضانِ مدینہ نعمت ہے۔

✿ اللہ کرے میرے جیتے جی دنیا کے تمام مدنی مراکز فیضانِ مدینہ کی تعمیرات مکمل ہوجائیں۔ (1)

✿ گناہوں کی بیماری لگ جائے تو اس کے علاج کے لئے مدنی مرکز فیضان مدینہ بہترین **اسپتال** ہے۔ (2)

✿ ہفتہ وار اِجتماع، اجتماعِ ذِکر و نعت یا کسی بھی قسم کی تقریب میں کھانے پینے کی ترکیب کرنی ہو تو فنائے مَسْجِد یا خارجِ مَسْجِد میں کیجئے، عینِ مَسْجِد میں اس کی ترکیب نہ بنایا کریں۔ (3)

✿ عَالَمی مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ میں ہونے والے اِعْتِکاف میں مریضوں، آسیب زَدوں اور بچوں کو ہرگز نہ لائیے۔ (4)

✿ عَالَمی مَدَنی مَرکَز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی کی طرح دُنیا بھر میں دَعْوتِ اسلامی کے زیرِ اِہتِمام ہونے والے اِعْتِکاف میں مُعْتَکِفِین کی صحّت کی بہتری کیلئے اِفْطار کی ترکیب سادہ پانی اور کیلا یا کھجور سے کی جائے۔ (5)

✿ مَدَنی مَرکَز کی طرف سے اَذان سے قَبْل دیئے گئے، **اذان کا جواب دینے والا اِعلان**، مُکَمَّل نیکی کی دَعْوت پر مُشْتَمِل ہے، اَذان سے پہلے یہ ضرور کریں۔ (6)

✿ مَدَنی مَرکَز میں قائم مَدَنی تربیت گاہ کے اسلامی بھائی چُونکہ اَچھّا خاصا وقت مَسْجِد میں گزارتے ہیں، وہ بھی گاہے گاہے

---

1 ......مدنی مذاکرہ، ۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ بمطابق 21 فروری 2015ء

2 ......مدنی مذاکرہ، ۳۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ بمطابق 21 مارچ 2015ء

3 ......مدنی مذاکرہ، ۱۱ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ بمطابق 2 جنوری 2015ء

4 ......مدنی مذاکرہ، ۱۵ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ بمطابق 2 جون 2015ء

5 ......مدنی مذاکرہ، ۳ رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ بمطابق 20 جون 2015ء

6 ......خصوصی مدنی مذاکرہ، ۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ بمطابق 10 جنوری 2015ء



www.dawateislami.net

مسجِد کے آداب پڑھتے رہیں اور درس بھی دیتے رہیں۔[۱]

❀ اپنی مَساجِد میں خُطبۂ فیضانِ خطباتِ رضویہ سے دیں وَلیِ کامل کے قَلَم سے لکھے ہوئے اِس خطبے کی اپنی برکات ہیں۔[۲]

❀ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! میں دَعْوتِ اِسْلامی کے قِیام سے بھی پہلے جُمُعہ کا خُطْبہ "خطباتِ رضویہ شریف" سے پڑھتا ہوں۔[۳]

❀ مَدَنی مَراکِز میں صفائی کرنیوالے اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر ہفتے میں ایک دن ہاتھ سے مُکمَّل فرش اچھی طرح صاف کروائیں، جس میں اُن کے مُراقِب (یعنی سپروائزر Supervisor) ساتھ ہوں۔[۴]

❀ تمام اِسلامی بھائی یہ ذہن بنالیں کہ جہاں ہماری سوچ کی اِنتہا ہوتی ہے، مَدَنی مَرکز کی وہاں سے اِبتِدا ہوتی ہے۔[۵]

## "بِسمِ اللّٰہ" کے سات حُروف کی نِسبَت سے خُطبہ کے 7 مَدَنی پھول

❶ حدیثِ پاک میں ہے: جس نے جُمُعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگیں اُس نے جہنّم کی طرف پُل بنایا۔[۶] اس کے ایک معنیٰ یہ ہیں کہ اس پر چڑھ چڑھ کر لوگ جہنّم میں داخِل ہوں گے۔

❷ خطیب کی طرف منہ کرکے بیٹھنا سُنّتِ صَحابہ ہے۔[۷]

❸ بُزرگانِ دین رَحِمَہُمُ اللّٰہُ الْمُبِیْن فرماتے ہیں: دو زانو بیٹھ کر خُطبہ سنے، پہلے خُطبہ میں ہاتھ باندھے، دوسرے میں زانو پر ہاتھ رکھے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دو رَکعت کا ثواب ملے گا۔[۸]

❹ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: خطبے میں حُضُورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا نام پاک سُن

---

[۱] ......مدنی مذاکرہ، ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ بمطابق یکم جنوری 2015ء

[۲] ......خصوصی مدنی مذاکرہ، ۷ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ بمطابق 31 اکتوبر 2014ء بتصرف

[۳] ......مدنی مذاکرہ، ۲۳ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ بمطابق 12 فروری 2015ء

[۴] ......مدنی مذاکرہ، ۲۵ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ بمطابق 12 جون 2015ء

[۵] ......خصوصی مدنی مذاکرہ، ۳ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ بمطابق 23 جنوری 2015ء

[۶] ......ترمذی، ابواب الجمعۃ، باب ماجاء فی کراھیۃ...الخ، ص ۱۵۲، حدیث: ۵۱۳

[۷] ......ترمذی، ابواب الجمعۃ، باب فی استقبال الامام اذا خطب، ص ۱۵۱، حدیث: ۵۰۹ مفهومًا

[۸] ......مراٰۃ المناجیح، جمعہ کا بیان، صفائی کرنے اور جلدی جانے کا باب، دوسری فصل، ۲/۳۳۸


www.dawateislami.net

کر دل میں دُرُود پڑھیں کہ زَبان سے سُکوت (یعنی خاموشی) فَرْض ہے۔[۱]

5 "دُرِّ مختار" میں ہے: خطبہ میں کھانا پینا، کلام کرنا اگرچہ سُبْحٰنَ اللہ کہنا، سَلام کا جواب دینا یا نیکی کی بات بتانا حرام ہے۔[۲]

6 اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت فرماتے ہیں: بحالتِ خُطبہ چلنا حرام ہے۔ یہاں تک عُلَمائے کرام فرماتے ہیں کہ اگر ایسے وَقْت آیا کہ خطبہ شُروع ہو گیا تو مسجِد میں جہاں تک پہنچا وہیں رُک جائے، آگے نہ بڑھے کہ یہ عَمَل ہو گا اور حالِ خُطبہ میں کوئی عَمَل رَوا (یعنی جائز) نہیں۔[۳]

7 اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت فرماتے ہیں: خطبہ میں کسی طرف گردن پھیر کر دیکھنا (بھی) حرام ہے۔[۴]

# آدابِ مسجد کے 41 مَدَنی پھول

**عینِ مسجد کی تعریف:** زمین کا وہ حصّہ جو نَماز کے لئے وَقْف کیا گیا ہو۔ مَسْجِد کے حقیقی معنی یہی ہیں۔[۵]

**فِنائے مَسْجِد کی تعریف:** صَدْرُ الشَّریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی صاحب رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: فنائے مَسْجِد جو جگہ مَسْجِد سے باہر اس سے مُلْحِق، ضَروریاتِ مَسْجِد کے لئے ہے مَثَلاً جوتا اُتارنے کی جگہ اور غسل خانہ وغیرہ، ان میں جانے سے اِعتِکاف نہیں ٹوٹے گا۔"[۶] فنائے مَسْجِد سے مُراد وہ جگہیں ہیں جو احاطۂ مَسْجِد (عُرفِ عام میں جس کو مَسْجِد کہا جاتا ہے) میں واقع ہوں اور مَسْجِد کی مَصالِح یعنی ضروریاتِ مَسْجِد کے لئے ہوں، جیسے مَنارہ، وُضو خانہ، اِسْتِنْجا خانہ، غسل خانہ، مَسْجِد سے مُتَّصِل مدرسہ، مَسْجِد سے مُلحق اِمام ومُؤَذِّن وغیرہ کے حُجرے، جوتے اُتارنے کی جگہ وغیرہ۔[۷]

**مسجِد اور فنائے مسجِد کے آداب:** ① مَسْجِد وفنائے مَسْجِد کی کوئی چیز اِستعمال کرنے کیلئے گھر نہیں لے جاسکتے۔

---

[۱] فتاویٰ رضویہ، ۸/ ۳۶۵

[۲] دُرِّ مختار مع ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، مطلب فی شروط وجوب الجمعۃ، ۳/ ۳۹

[۳] فتاویٰ رضویہ، ۸/ ۳۳۴

[۴] فتاویٰ رضویہ، ۸/ ۳۳۴

[۵] فتاویٰ رضویہ، ۲۸/ ۱۳۶

[۶] فتاویٰ امجدیہ، ۱/ ۳۹۹

[۷] فیضانِ سنّت، فیضانِ اعتکاف، ص ۱۲۲۷



www.dawateislami.net

② پانی ٹھنڈا کرنے والا کُولر عینِ مَسجِد میں نہیں رکھ سکتے۔ ③ عینِ مَسجِد میں ہر کسی کو کپڑے دھونا، سکھانا، لٹکانا منع ہے۔ ④ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں بِلااِجازتِ شَرْعِی کسی قسم کی توڑ پھوڑ نہیں کرسکتے۔ ⑤ مَسجِد میں بغیر نِیّتِ اِعتِکاف کھانا پینا، سونا منع ہے۔ ⑥ ایسی اَشیا جن سے اِنْقِطاعِ صَف ہو (مَثَلاً جوتوں کے ڈبے، اسپیکر، ڈیسک وغیرہ) صف میں نہیں رکھ سکتے۔ اسی طرح صف کے آخر میں بھی نہیں رکھ سکتے کہ اِتمامِ صَف میں خَلَل انداز ہوں گی۔ ⑦ عینِ مَسجِد میں مَسجِد کا اسٹور نہیں بناسکتے۔ ⑧ کچا پیاز، کچا لہسن، سگریٹ وغیرہ بدبُودار اَشیا مَسجِد وفنائے مَسجِد میں کھانا پینا یا کھانے پینے کے بعد جب تک بُو منہ میں ہو مَسجِد وفنائے مَسجِد میں جانا ناجائز و حرام ہے۔ ⑨ مَسجِد کے اتنا قریب اِسْتِنجا خانے بنانا کہ بدبو مَسجِد میں پہنچے ناجائز و حرام ہے۔ ⑩ عینِ مَسجِد میں کوئی بھی مُستَقِل رہائش نہیں رکھ سکتا۔ بعدِ تمامِ مَسجِدِیّت عینِ مَسجِد میں (یا مَسجِد کے اوپر یا نیچے) اِمام صاحب کی رہائش کیلئے بھی کمرہ نہیں بناسکتے۔ ⑪ مَسجِد و فنائے مَسجِد میں ان کی ضَرورت کے بغیر کوئی وائرنگ نہیں کرسکتے۔ ⑫ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں مدرسے (وہ مدرسہ جو مَسجِد کا نہ ہو) کا سامان مَثَلاً ڈیسک، فائلیں، فارمز وغیرہ نہیں رکھ سکتے۔ ⑬ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں مُستَقِل تعویذات، تَربِیت گاہ، مَدَنی اِنْعامات کا بستہ نہیں رکھ سکتے۔ ⑭ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں تنظیمی شعبہ جات (مَثَلاً مَدَنی قافلہ، مَدَنی اِنْعامات اور تعویذات وغیرہ) کے بورڈز مُستَقِل نہیں رکھ سکتے۔ ⑮ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں علاقے کا تنظیمی سامان مُستَقِل نہیں رکھ سکتے۔ ⑯ اجتماع کے اِسْتِعمال کے لئے لگائے گئے ساونڈ کے اسپیکر جو مَسجِد کے نہ ہوں، انہیں بعدِ اجتماع فوراً اُٹھانا ہوں گے۔ ⑰ مَسجِد میں بدبودار ریح خارِج کرنا مُعْتَکِف وغیرِ مُعْتَکِف سب کو حرام ہے اور غیرِ مُعْتَکِف کو مَسجِد میں غیر بدبو والی ریح خارِج کرنا مَکْرُوہ ہے۔ ⑱ مَسجِد وفنائے مَسجِد کو بدبُو سے بچانا واجِب ہے۔ ⑲ دنیا کی مُباح باتیں بِلاضرورتِ شَرعیہ کرنے کو مَسجِد میں بیٹھنا حرام ہے۔ ⑳ مَسجِد مُستَحکم وپائیدار ہو تو اس کو توڑ کر نئی بنانا جائز نہیں۔ ㉑ مَسجِد کی آمدنی مدرسہ میں لگانا جائز نہیں۔ ㉒ مَسجِد کی چٹائیاں عید گاہ وغیرہ میں نماز وغیرہ کیلئے لے کر جانا جائز نہیں۔ ㉓ مَسجِد میں ناسمجھ بچوں کو لانا، پاگلوں کو لانا، جھگڑے اور آواز بلند کرنا مَنع ہے۔ ㉔ مَسجِد میں اپنے لئے سوال مَنع ہے۔ ㉕ بلااجازتِ شَرعی ایک مَسجِد کا سامان دُوسری مَسجِد میں لگانا ناجائز ہے۔ ㉖ عُلَمانے اس کُوڑے کی بھی تعظیم کا حکم دیا ہے جو مَسجِد سے جھاڑ کر پھینکا جاتا ہے۔ ㉗ مَسجِد وفنائے مَسجِد میں مَدَنی چینل / VCD اجتماع مُنعَقِد کرنا منع ہے۔ ㉘ مَسجِد کے میٹرز (بجلی، گیس) کا کسی (جامعہ، مدرسہ،


www.dawateislami.net

پڑوسی وغیرہ) کو کنیکشن نہیں دے سکتے۔ ㉙ عینِ مَسْجِد میں تعمیراتی سامان (سیمنٹ، پھٹے، مستری کے اوزار وغیرہ) مُستَقِل نہیں رکھ سکتے اگرچہ مَسْجِد کا ہو۔ ㉚ مَسْجِد میں کسی چیز کا خریدنا، بیچنا ناجائز ہے مگر مُعْتَکِف کو اپنی ضَرورت کی چیز مول لینی وہ بھی جبکہ مبیع مَسْجِد سے باہر ہی رہے مگر ایسی خفیف ونظیف وقلیل شے جس کے سَبَب نہ مَسْجِد میں جگہ رُکے نہ اس کے اَدَب کے خلاف ہو اور اسی وَقْت اسے اپنے اِفْطار یا سَحَری کے لئے دَرکار ہو اور تجارت کے لئے بیع و شِرا کی مُعْتَکِف کو بھی اِجازَت نہیں۔ ㉛ فنائے مَسْجِد میں بھی خرید وفروخت کرنے کی اِجازَت نہیں، ہاں! جس صُورَت میں مَسْجِد میں کرنے کی اِجازَت ہے اس صُورَت میں کر سکتے ہیں۔ ㉜ مَسْجِد و فنائے مَسْجِد میں (بعد تمام مَسْجِدِیَّت) دوکان بنانا جائز نہیں۔ ㉝ مَسْجِد وفنائے مَسْجِد میں شور غُل کرنے کی اِجازَت نہیں۔ ㉞ فنائے مَسْجِد میں مَصالِح مَسْجِد کے کمرے (امام کا حجرہ، مَسْجِد کا اسٹور) کے علاوہ کوئی کمرہ نہیں بنا سکتے۔ ㉟ فنائے مَسْجِد میں سامانِ مَسْجِد کے عِلاوہ (تنظیمی، جامعہ، مدرسہ، میلاد کی سجاوٹ وغیرہ کا) سامان نہیں رکھ سکتے۔ عُشر وغیرہ کی بوریاں نہیں رکھ سکتے۔ ㊱ مَسْجِد میں واقع قرآنِ پاک رکھنے کی الماری میں بس مَسْجِد کے قرآنِ پاک ہی رکھ سکتے ہیں، اس کے عِلاوہ دیگر سامان (مَثَلاً مدرسہ کی فائلیں، تنظیمی کارکردگی فارم، رسائل وغیرہ) اس الماری کے نہ اندر رکھ سکتے ہیں اور نہ اس کے اُوپَر۔ ㊲ قرآن پاک کی الماری کے اوپر کوئی چیز نہیں رکھ سکتے۔ ㊳ وَقْف اَشیا پر عُرْف کے عِلاوہ تحریر نہیں کر سکتے۔ ㊴ مَسْجِد کی چھت بھی مَسْجِد کے حکم میں ہے۔ اس کے تمام آدابِ مِثْلِ فَرْشِ مَسْجِد ہیں، بلکہ مَسْجِد کی چھت پر تو بلا اِجازَتِ شَرْعی جانا بھی منع ہے۔ ㊵ مَسْجِد وفنائے مَسْجِد کی چھت پر مَدَنی چینل کا ڈش انٹینا نہیں رکھ سکتے۔ ㊶ فنائے مَسْجِد کا اَدَب بھی مَسْجِد ہی کی مانند ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد


www.dawateislami.net

الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شرعی راہ نُمائی حاصل کرنے کیلئے درکار معلومات (برائے وقف)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَحَلِّ وُقُوع مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ: | | | | | | اپ ڈیٹ 6/12/2017 | |
| مدنی مرکز فیضان مدینہ | | کابینہ | | زون | | سرکاری شہر | |
| جگہ دینے والے کا نام | | | | رابطہ نمبر | | | |
| نائب مُتَوَلّی | | | | رابطہ نمبر | | | |
| نام نگرانِ کابینہ | | | | رابطہ نمبر | | | |
| نام زونل نگران | | | | رابطہ نمبر | | | |
| نام رُکنِ مَجلس فیضان مدینہ | | | | رابطہ نمبر | | | |
| جائزہ لینے والے کا نام | | | | رابطہ نمبر | | | |

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| 1 | جگہ کے بارے میں معلومات: 1۔ کُل جگہ؟ 2۔ موجودہ تعمیرات؟ 3۔ جگہ کی کیفیّت؟ 4۔ اَصل کاغذات؟ | |
| 2 | کیا اس جگہ کی فائل موجود ہے؟ فائل میں کون کون سے کاغذات ہیں؟ بیع نامہ، وَقف نامہ، رَجسٹری، فَرد ملکیّت، اِقرار نامہ وغیرہ | |
| 3 | یہ جگہ کس مَد میں وَقف ہوئی؟ اگر ایک ہی رَقبہ مختلف مَدّات میں وَقف ہوا تو کیا واقِف نے اس کی حد بندی کی؟ کہ فُلاں مَد میں اِتنا، جیسے مسجِد کیلئے یہ اور اتنی جگہ وغیرہ | |
| 4 | واقِف کو جگہ کی مِلکیّت کیسے حاصل ہوئی؟ ذاتی رَقَم سے خریدی (ذاتی رقم کا حُصول کیسے ہوا؟ وِراثت یا کمائی) یا وِراثت میں ملی یا ہِبہ ہوئی؟ ہِبہ کا تعیُّن کر لیا تھا کہ کہاں سے کہاں تک ہے اور اس پر قبضہ کر لیا تھا؟ | |



www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| 5 | وِراثت والد کی طرف سے تھی یا والدہ کی طرف سے؟ وُرَثا میں کون کون ہیں؟ (نیز کیا والد والدہ کی وفات کے وقت ان کے والدین یا کوئی ایک زندہ تھے؟) کیا وَقف سے پہلے وُرَثا اور خُصوصاً بہن اور والدہ کو حصہ دے دیا ہے یا نہیں؟ | |
| 6 | واقف فقط اپنا حصہ وقف کر رہا ہے یا کوئی اور بھی جگہ میں شامل ہے (اس کی ملکیت کی بھی تفتیش اسی انداز میں کی جائے) | |
| 7 | یہ جگہ (جو والد، والدہ کی طرف سے وِراثت میں انہیں ملی تھی وہ) والد یا والدہ کی مِلکیّت میں کیسے آئی؟ ذاتی رَقم سے یا وِراثت میں ملی؟ وُرَثا کی تعداد؟ کیا وُرَثا میں وِراثت تقسیم ہو گئی؟ | |
| 8 | اَوّلاً جگہ لینے والے کا نام اور رابطہ نمبر۔ نیز جگہ لینے والے ذِمّہ دار کا تحریری بیان مع دستخط کہ یہ جگہ میں نے فُلاں فُلاں مَد میں لی | |
| 9 | موجُودہ تعمیرات کیا کیا ہیں؟ مَثَلاً مَسْجِد، مدرسہ اور مَکاتِب وغیرہ کی تعداد | |
| 10 | تعمیرات چندے سے ہوئیں؟ اگر چندے سے ہوئیں تو کس مَد میں چندہ جمع کیا گیا؟ (مَسْجِد یا مدرسہ یا دونوں)۔ تعمیرات کروانے والے کا تحریری بیان مع دستخط | |
| 11 | پہلے مَسْجِد کو تعمیر کیا گیا یا مدرسے کو یا دونوں کو ایک ساتھ تعمیر کیا گیا؟ | |
| 12 | کیا اس کا مُکمَّل نقشہ مجلسِ تعمیرات کی طرف سے بن چکا ہے؟ | |
| 13 | کیا اس فیضانِ مدینہ کے بارے میں دارُالاِفتا سے پہلے کوئی شَرعی راہ نُمائی لی جاچکی ہے؟ اگر لی جاچکی تو اِفتا مکتب سے کیا اَحکامات وہِدایات ملی ہیں؟ تحریر فرمائیں | |

## مجلس فیضان مدینہ کے استعمال کیلئے

| | | |
|---|---|---|
| رکن مجلس فیضان مدینہ کی تحریر | ذمہ دار کا بیان | |
| | واقف کا بیان | |



www.dawateislami.net

# دارالافتاء اہلسنّت

| | |
|---|---|
| اِسْتِفْتا: | مفتی صاحب کی بارگاہ میں عَرض ہے کہ اس حوالے سے ہماری رَاہ نُمائی فرمادیجئے کہ مذکورہ بالا تفصیلات کی روشنی میں کیا یہ جگہ وَقْف ہوچکی ہے یا نہیں؟ نیز اس کی تعمیرات دُرُست ہیں یا نہیں؟ |
| جواب: | |

**معلوماتی فارم برائے شَرْعی رَاہ نُمائی بابت مخزن فیضان مدینہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زون ۔۔۔۔۔۔ تاریخ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

نوٹ: تنظیمی اور شَرْعی رَاہ نُمائی کیلئے یہ فارم پُر کرنے کے مَدَنی پھول مُلاحظہ ہوں: پہلے کالم میں شے کا نام تفصیل سے لکھا جائے گا۔ دُوسرے کالم میں اسلامی بھائیوں کے نام جن جن سے مَعلومات ملی ہیں (مَعلومات کیلئے پوری کوشش کرنی ہے)۔ تیسرے کالم میں شے دینے والے کا مکمّل نام و رابطہ وغیرہ، شے جس مَد میں دی گئی اور اُس وَقت شے کی حالت یعنی قابلِ اِسْتِعمال۔ قابلِ مُرمّت یا ناکارہ کی تفصیل لکھنی ہے، اور شے آئندہ اِسْتِعمال میں نہیں ہے اس کی وجہ تفصیل سے لکھنی ہے۔ چوتھا کالم خالی چھوڑ دیں۔

| نام اَشیا تفصیلاً | نام مَعلومات دِہِندہ | **شے کی معلومات:** کس نے دی؟ کس مَد میں دی؟ موجودہ حالت کیا ہے؟ آئندہ استعمال ہے یا نہیں؟ | تاثّرات |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

نام و دستخط ناظِمُ الاُمور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجلس فیضان مدینہ (مخزن)



www.dawateislami.net

# مآخذومراجع

| قرآن مجید | ***** |
|---|---|
| کتاب | مطبوعہ |
| کنز الایمان | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۲ھ |
| صراط الجنان فی تفسیر القرآن | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی |
| مؤطا امام مالك | دار المعرفہ بیروت ۱۴۳۳ھ |
| مسند احمد | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۹ھ |
| صحیح البخاری | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۸ھ |
| صحیح مسلم | دار الکتب العلمیہ بیروت 2008ء |
| سنن ابن ماجہ | دار الکتب العلمیہ بیروت 2009ء |
| سنن ابی داود | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۸ھ |
| سنن الترمذی | دار الکتب العلمیہ بیروت 2008ء |
| مسند ابی یعلی | دار الفکر بیروت ۱۴۲۲ھ |
| صحیح ابن حبان | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۵ھ |
| المعجم الکبیر | دار الکتب العلمیہ بیروت 2007ء |
| شعب الایمان | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۹ھ |
| مرقاۃ المفاتیح | دار الکتب العلمیہ بیروت 2007ء |
| مرأۃ المناجیح | نعیمی کتب خانہ گجرات |
| غمز عیون البصائر | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۵ھ |
| رد المحتار | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۸ھ |
| فتاویٰ رضویہ | رضا فاؤنڈیشن لاہور |


www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| بہارِ شریعت | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۵ھ |
| فتاویٰ امجدیہ | مکتبہ رضویہ کراچی ۱۴۱۹ھ |
| بحر الدموع | مکتبۃ دار الفجر دمشق ۱۴۲۴ھ |
| تنبیہ المغترین | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۴ھ |
| کتاب العظمۃ | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۴ھ |
| ماہنامہ نعت لاہور (کافی کی نعت) | راجا رشید محمود اکتوبر 1995ء |
| فیضان سنت | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۲۸ھ |
| مدنی پنج سورہ | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۷ھ |
| حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۴ھ |

## فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| دُرود پاک کی فضیلت | 1 | تعمیراتی ضروریات | 12 |
| مَجلِس فیضانِ مدینہ | 1 | تعمیرات کا نظام | 14 |
| مجلس فیضانِ مدینہ کے مدنی کاموں کے فضائل و برکات | 2 | مَدَنی مَرکَز کی عِمارت کا انداز | 15 |
| ”اے کاش قائم ہو عظیم مرکز سرکار! مدینے میں“ کے بتّیس حُرُوف کی نِسبت سے مجلس فیضانِ مدینہ کے 32 مدنی پھول | 3 | ”یَا رَسُوْلَ الله“ کے دس حُرُوف کی نِسبت سے وُضُو خانے کے 10 مَدَنی پھول | 22 |
| مَدَنی مراکز | 11 | مَجلِس تخَزّن (اسٹور) برائے فیضانِ مدینہ کے 38 مدنی پھول | 23 |
| درخواست برائے مَدَنی مَرکز فیضانِ مدینہ | 11 | ذِمّہ داران کے جَدوَل | 28 |
| شرائط و ضوابط | 11 | امام مَسجِد کا جَدوَل | 29 |
| اِجازت نامہ | 12 | اعلانات | 30 |




www.dawateislami.net



| | | | |
|---|---|---|---|
| طُلوعِ آفتاب کا اعلان | 30 | ناظمِ الامور فیضانِ مدینہ کا جَدْوَل | 38 |
| اِعلانِ اَذان | 30 | زونل ذِمّہ دار کے جَدْوَل کے مدنی پھول | 40 |
| اعلان بعد اذان | 31 | رُکنِ مجلس کے جَدْوَل کے مدنی پھول | 41 |
| اِعلان بعدِ اَذانِ جُمُعہ | 31 | نصاب برائے تقرر ذِمّہ داران وائمّہ کرام | 42 |
| اعلانِ اِقامت | 31 | گریڈنگ کے لئے مطالعہ کا نصاب | 42 |
| اعلان بعد اقامت | 31 | مَدَنی مرکز (فیضانِ مدینہ) آباد کرنے کے مَدَنی پھول | 43 |
| اعلان 12 منٹ قبل از سحری | 32 | مسجد میں تعویذاتِ عطاریہ کا بستہ لگانے کی چند شَرْعی احتیاطیں | 43 |
| اعلانِ ختمِ سحری | 32 | ”اے ربِّ علیم! مجھے ذوقِ مُطالَعہ عطا فرما“ کے اٹھائیس حُرُوف کی نِسْبَت سے مجلس المدینہ لائبریری کے 28 مدنی پھول | 47 |
| اعلانِ افطار | 32 | | |
| جماعت نفل نماز کا اعلان | 32 | مَدَنی مَراکِز فیضانِ مدینہ سے مُتَعَلِّق مَدَنی مذاکروں سے منتخب مدنی پھول | 52 |
| ربیع الاوّل کے چاند کا اعلان | 32 | | |
| رمضان المبارک کے چاند کا اعلان | 33 | بِسمِ اللّٰہ کے سات حُرُوف کی نِسْبَت سے خُطبہ کے 7 مَدَنی پھول | 55 |
| عید الفطر کے چاند کا اعلان | 33 | آدابِ مسجد کے 41 مدنی پھول | 56 |
| انتقال کا اعلان | 34 | شَرْعی رَاہ نُمائی حاصل کرنے کیلئے درکار معلومات (برائے وقف) | 59 |
| مدنی مَراکِز کی مَساجِد میں نَمازوں کے بعد کی دُعائیں | 34 | معلوماتی فارم برائے شَرْعی رَاہ نُمائی بابت مخزن فیضانِ مدینہ | 61 |
| نماز فجر و عصر کے بعد کی دعائیں | 34 | مَاخذ و مراجع | 62 |
| نماز ظہر، مغرب اور عشاکے فرضوں کے فوری بعد کی دُعا | 35 | فہرست | 63 |
| امام مسجد کے لئے 30 مدنی پھول | 35 | *** | * |

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## نیک نمازی بننے کیلئے

ہر جمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کیلئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ❁ سُنّتوں کی تربیت کے لئے **مَدَنی قافلے** میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ❁ روزانہ ''**فکرِ مدینہ**'' کے ذریعے **مَدَنی اِنعامات** کا رسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے۔

**میرا مَدَنی مقصد:** ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔'' اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔ اپنی اِصلاح کے لیے ''**مَدَنی اِنعامات**'' پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے ''**مَدَنی قافلوں**'' میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ



ISBN 978-969-631-973-3

0126318

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)

UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650 / 1144

Web: www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

Email: feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net